الجداول المحررة فى أصول القراء العشرة

مِن طَريقِ طيِّبَةِ النَّشرِ

ترتیب

قاری عویمر ابراہیم میر محمدی

تقدیم

استاذ القراء قاری محمد ابراہیم میر محمدی

نظر ثانی

الشيخ عمرو بن عبدالله
الحلوانی المصري

www.KitaboSunnat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم
قُلْ أَطِيعُوا اللَّهَ وَأَطِيعُوا الرَّسُولَ
مجلس التحقیق الاسلامی کے زیر اہتمام
محدث لائبریری
کتاب وسنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

معزز قارئین توجہ فرمائیں

- کتاب وسنت ڈاٹ کام پر دستیاب تمام الیکٹرانک کتب... عام قاری کے مطالعے کیلئے ہیں۔
- مجلس التحقیق الاسلامی کے علمائے کرام کی باقاعدہ تصدیق واجازت کے بعد (Upload) کی جاتی ہیں۔
- دعوتی مقاصد کیلئے ان کتب کو ڈاؤن لوڈ (Download) کرنے کی اجازت ہے۔

تنبیہ

ان کتب کو تجارتی یا دیگر مادی مقاصد کیلئے استعمال کرنے کی ممانعت ہے کیونکہ یہ شرعی، اخلاقی اور قانونی جرم ہے۔

اسلامی تعلیمات پر مشتمل کتب متعلقہ ناشرین سے خرید کر تبلیغ دین کی کاوشوں میں بھرپور شرکت اختیار کریں

PDF کتب کی ڈاؤن لوڈنگ، آن لائن مطالعہ اور دیگر شکایات کے لیے درج ذیل ای میل ایڈریس پر رابطہ فرمائیں۔

KitaboSunnat@gmail.com

library@mohaddis.com

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے جو بے حد رحم والا، نہایت مہربان ہے۔

الجداول المحررة في أصول القراء العشرة

من طريق طيبة النشر

ترتيب قاری عویمر ابراہیم میر محمدی حفظہ اللہ

تقدیم

الشيخ محمد إبراهيم مير محمدي حفظه الله

نظر ثانی

الشيخ عمرو بن عبدالله الحلوانی المصري حفظه الله

جملہ حقوق محفوظ ہیں

الجداول المحررة في أصول القراء العشرة

من طريق طيبة النشر

ترتیب ______ قاری عویمر ابراہیم میر محمدی حفظہ اللہ

تقدیم ______ الشیخ محمد إبراهيم مير محمدي حفظه الله

نظر ثانی ______ الشيخ عمرو بن عبد الله الحلوانی المصري حفظه الله

اشاعت ______ 2023ء

ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ ______ عبدالواسع، سعد حمید
0322-6495123

ملنے کے پتے

- المعهد العالی لعلوم التجوید و القراءات و التربیة الاسلامیة
ابوالخیر روڈ، سگیاں بائی پاس، نزد کوٹ عبدالمالک، لاہور قاری ریاض عزیزی صاحب 03127048176
- جامع مسجد طیبہ (معهد القرآن الکریم) چیمبرلین روڈ، موچی دروازہ، لاہور قاری محمد عبداللہ ابو حازم 03004115280

فہرست

الجداول المحررة فی أصول القراء العشرة من طریق طیبة النشر

❁ عرض مؤلف ____ 09

❁ تقدیم (قاری محمد ابراہیم میر محمدی) ____ 20

❁ تقریظ (قاری صہیب احمد میر محمدی) ____ 28

❁ تقریظ (الشیخ عمرو بن عبداللہ حلوانی مصری) ____ 29

❁ الأئمة العشرة ورُواتهم وطُرقهم ____ 32

❁ قراءات قرآنیہ کے متعلق ضروری ہدایات ____ 37

❁ باب الاستعاذة ____ 39

❁ باب البسملة ____ 39

❁ لفظ {ملک} ____ 40

❁ لفظ {الصراط، صراط} 40
❁ باب ميم الجمع 41
❁ باب الإدغام الكبير 42
❁ باب الإدغام الصغير 47
❁ باب هاء الكناية 52
❁ باب المد والقصر 55
❁ باب الهمزتين من كلمة 57
❁ باب الهمزتين من كلمتين 61
❁ باب الهمز المفرد 62
❁ باب نقل الحركة 66
❁ باب السكت 67
❁ باب وقف حمزة وهشام 69

❁ باب أحكام النون الساكنة والتنوين 75
❁ باب الفتح والإمالة 76
❁ باب هاء التانيث 85
❁ باب الراءات للأزرق 86
❁ باب اللامات للأزرق 88
❁ باب الوقف على مرسوم الخط 89
❁ مخصوص كلمات 91

نبذة يسيرة حول التكبير عند القراء

❁ المقدمة (مؤلف) 94
❁ المقدمة (الشيخ عمرو بن عبد الله الحلواني المصري) 96
❁ التكبير لأوائل سور القرآن كله من طريق طيبة النشر 98
❁ تفصيل وجوه التكبير بين السورتين لجميع القراء 98

التكبير لسور الختم 98

فوائد من الروض 99

تحرير الابتداء من أول القرآن الكريم إلى أول آية بالفاتحة وهي البسملة 99

تحرير الابتداء من أول القرآن الكريم إلى {العلمين} بالفاتحة 100

الوجوه بين الفاتحة والبقرة من طريق طيبة النشر 101

تحرير الوجوه للبزي 104

(مختصر) تحرير الوجوه في أول سورة الناس من طريق الطيبة 107

(مفصل) تحرير الوجوه في أول سورة الناس من طريق الطيبة 107

تحرير الوجوه في الوقف على آخر الناس من طريق الطيبة 109

(مختصر) تحرير الوجوه بين {من الجنة والناس} وأول آية بالفاتحة وهي البسملة من طريق الطيبة 110

(مفصل) تحرير الوجوه بين {من الجنة والناس} وأول آية بالفاتحة وهي البسملة من طريق الطيبة 111

تحرير الوجوه بين الناس والفاتحة من طريق الطيبة 112

بسم اللہ الرحمن الرحیم

عرض مؤلف

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ ، اَلَّذِیْ أَكْرَمَنَا بِالْإِسْلَامِ ، وَأَنْعَمَ عَلَيْنَا بِنِعْمَةِ الْإِيْمَانِ ، وَشَرَّفَنَا بِحَمْلِ الْقُرْآنِ - أَمَّا بَعْدُ !

قرآنِ کریم وہ معجز کلام ہے جسے اللہ تعالیٰ نے بذریعہ وحی اپنے آخری پیغمبر خاتم النّبیین محمد ﷺ پر نازل فرمایا ہے۔ یہ زندگی کا وہی دستورِ کُہن ہے جو آج سے ساڑھے چودہ سو سال پہلے انسانیت کو ملا، یہ خدائی عطیہ ہے، یہ ہمارا مشترکہ روحانی ترکہ ہے جو منتقل ہوتا ہوا ہم تک پہنچا ہے۔ اسے دوسری آسمانی کتابوں کا آخری اور دائمی ایڈیشن بھی کہا جاسکتا ہے۔ زمانہ نزول سے آج تک بلا کسی ادنیٰ تغیر و تبدل کے باقی ہے۔ اس میں سرِمو کوئی فرق نہیں آیا۔ ایک لمحے کے لیے نہ تو قرآن مسلمانوں سے جدا ہوا اور نہ مسلمان قرآن سے جدا ہوئے۔ اس میں باطل کے در آنے کی کوئی گنجائش نہیں ہے۔ لَا يَأْتِيهِ الْبَاطِلُ مِنْ بَيْنِ يَدَيْهِ وَلَا مِنْ خَلْفِه....

یہ ایسی کتابِ حکیم ہے جو اپنے اندر بہت سے اعجازات اور عجائب کو سموئے ہوئے ہے۔ اس کا ایک اعجاز قرآن مجید کا سبعہ احرف میں نازل ہونا ہے۔ یہ ایسا اعجاز ہے جو سابقہ آسمانی کتب کے حصے میں نہیں آیا۔ تورات، زبور، انجیل اور تمام صحائف سماویہ کا ایک ہی متن، انداز اور لہجہ تھا جبکہ اللہ رب العزت نے قرآن حکیم کو تعددِ قراءات میں نازل فرمایا، تاکہ ہر قبیلہ اسے آسانی اور سہولت کے ساتھ پڑھ سکے۔

سیدنا عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اقدس ﷺ نے فرمایا:

«أَقْرَأَنِي جِبْرِيلُ عَلَى حَرْفٍ فَرَاجَعْتُهُ فَلَمْ أَزَلْ أَسْتَزِيدُهُ وَيَزِيدُنِي حَتَّى انْتَهَى إِلَى سَبْعَةِ أَحْرُفٍ» (صحيح البخاری: 4991)

”جبرائیل علیہ السلام نے مجھے ایک طریقے پر قرآن مجید کو پڑھنے کا حکم دیا، میں نے ان سے زیادہ کا مطالبہ کیا اور مسلسل اضافے کا سوال کرتا رہا، حتیٰ کہ معاملہ سات طریقوں تک جا پہنچا۔“

اور سیدنا اُبی بن کعب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ:

«أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ عِنْدَ أَضَاةِ بَنِي غِفَارٍ قَالَ فَأَتَاهُ جِبْرِيلُ عَلَيْهِ السَّلَام فَقَالَ إِنَّ اللهَ يَأْمُرُكَ أَنْ تَقْرَأَ أُمَّتُكَ الْقُرْآنَ عَلَى حَرْفٍ فَقَالَ أَسْأَلُ اللهَ مُعَافَاتَهُ وَمَغْفِرَتَهُ وَإِنَّ أُمَّتِي لَا تُطِيقُ ذَلِكَ ثُمَّ أَتَاهُ الثَّانِيَةَ فَقَالَ إِنَّ اللهَ يَأْمُرُكَ أَنْ تَقْرَأَ أُمَّتُكَ الْقُرْآنَ عَلَى حَرْفَيْنِ فَقَالَ أَسْأَلُ اللهَ مُعَافَاتَهُ وَمَغْفِرَتَهُ وَإِنَّ أُمَّتِي لَا تُطِيقُ ذَلِكَ ثُمَّ جَاءَهُ الثَّالِثَةَ فَقَالَ إِنَّ اللهَ يَأْمُرُكَ أَنْ تَقْرَأَ أُمَّتُكَ الْقُرْآنَ عَلَى ثَلَاثَةِ أَحْرُفٍ فَقَالَ أَسْأَلُ اللهَ مُعَافَاتَهُ وَمَغْفِرَتَهُ وَإِنَّ أُمَّتِي لَا تُطِيقُ ذَلِكَ ثُمَّ جَاءَهُ الرَّابِعَةَ فَقَالَ إِنَّ اللهَ يَأْمُرُكَ أَنْ تَقْرَأَ أُمَّتُكَ الْقُرْآنَ عَلَى سَبْعَةِ أَحْرُفٍ فَأَيُّمَا حَرْفٍ قَرَءُوا عَلَيْهِ فَقَدْ أَصَابُوا.»

(صحيح مسلم: 821)

”رسول اللہ ﷺ بنو غفار کے بارانی تالاب کے پاس تشریف فرما تھے۔ آپ کے پاس جبرائیل علیہ السلام آئے اور کہا: اللہ تعالیٰ نے آپ کو حکم دیا ہے کہ آپ کی اُمت ایک حرف (ایک طریقے) پر قرآن پڑھے۔ آپ نے فرمایا: میں اللہ تعالیٰ سے اس کی معافی اور مغفرت چاہتا ہوں میری

امت اس کی طاقت نہیں رکھے گی۔ پھر وہ جبرئیل علیہ السلام دوبارہ آپ کے پاس آئے، اور کہا کہ اللہ تعالیٰ کا حکم ہے کہ آپ کی امت دو حرفوں پر قرآن پڑھے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: میں اللہ تعالیٰ سے اس کی معافی اور بخشش مانگتا ہوں، میری امت اس کی طاقت نہیں رکھے گی۔ پھر وہ جبرائیل علیہ السلام تیسری بار آپ کے پاس آئے، اور کہا کہ اللہ تعالیٰ کا حکم ہے کہ آپ کی امت تین حرفوں پر قرآن پڑھے، آپ ﷺ نے فرمایا: میں اللہ تعالیٰ سے اس کی معافی اور بخشش مانگتا ہوں، میری امت اس کی طاقت نہیں رکھ سکتی۔ پھر وہ جبرائیل علیہ السلام چوتھی مرتبہ آپ کے پاس آئے۔ اور کہا کہ اللہ تعالیٰ حکم کا ہے کہ آپ کی امت سات حرفوں پر قرآن پڑھے۔ وہ جس حرف پر بھی پڑھیں گے ٹھیک پڑھیں گے۔"

معلوم ہوا کہ قرآنِ مجید کی تعدد قراءات نبی اکرم ﷺ نے اللہ رب العزت سے مانگ کر لی ہیں۔ نبی اکرم ﷺ کو جب سات حروف پر قرآن مجید پڑھنے کی اجازت مل گئی تو آپ ﷺ نے وحی الٰہی کے مطابق نازل کردہ ساتوں حروف میں صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو پڑھانا شروع کر دیا اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم میں سے کسی نے ایک حرف سیکھا، کسی نے دو سیکھے اور کسی نے دو سے زائد حاصل کیے۔ اور اگر کسی جگہ صحابہ کے مابین قراءات کی وجہ سے اختلاف نظر آیا تو نبی ﷺ نے اس اختلاف کو خود ہی حل فرما دیا۔ جیسا کہ سیدنا عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ:

«سَمِعْتُ هِشَامَ بْنَ حَكِيمِ بْنِ حِزَامٍ يَقْرَأُ سُورَةَ الْفُرْقَانِ فِي حَيَاةِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاسْتَمَعْتُ لِقِرَاءَتِهِ فَإِذَا هُوَ يَقْرَؤُهَا عَلَى حُرُوفٍ كَثِيرَةٍ لَمْ يُقْرِئْنِيهَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَكِدْتُ أُسَاوِرُهُ فِي الصَّلَاةِ فَانْتَظَرْتُهُ حَتَّى سَلَّمَ فَلَبَبْتُهُ فَقُلْتُ مَنْ أَقْرَأَكَ هَذِهِ السُّورَةَ الَّتِي سَمِعْتُكَ تَقْرَأُ قَالَ أَقْرَأَنِيهَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ لَهُ كَذَبْتَ فَوَاللَّهِ إِنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَهُوَ أَقْرَأَنِي هَذِهِ السُّورَةَ الَّتِي سَمِعْتُكَ فَانْطَلَقْتُ بِهِ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَقُودُهُ فَقُلْتُ يَا رَسُولَ اللَّهِ إِنِّي سَمِعْتُ هَذَا يَقْرَأُ سُورَةَ الْفُرْقَانِ عَلَى حُرُوفٍ لَمْ تُقْرِئْنِيهَا وَإِنَّكَ أَقْرَأْتَنِي سُورَةَ الْفُرْقَانِ فَقَالَ يَا هِشَامُ اقْرَأْهَا فَقَرَأَهَا الْقِرَاءَةَ الَّتِي سَمِعْتُهُ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هَكَذَا أُنْزِلَتْ ثُمَّ قَالَ اقْرَأْ يَا عُمَرُ فَقَرَأْتُهَا الَّتِي أَقْرَأَنِيهَا فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هَكَذَا أُنْزِلَتْ ثُمَّ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ الْقُرْآنَ أُنْزِلَ عَلَى سَبْعَةِ أَحْرُفٍ فَاقْرَءُوا مَا تَيَسَّرَ مِنْهُ.»

(صحيح البخاری:5041، 2419)

"میں نے سیدنا ہشام بن حکیم بن حزام رضی اللہ عنہ کو رسول اللہ ﷺ کی حیات طیبہ میں سورہ فرقان پڑھتے ہوئے سنا۔ میں نے ان کی قرات وتلاوت غور سے سنی تو (معلوم ہوا کہ) وہ اسے بہت سے ایسے طریقوں سے پڑھ رہے تھے جو رسول اللہ ﷺ نے مجھے نہیں پڑھائے تھے۔ قریب تھا کہ میں نماز ہی میں انہیں پکڑ لیتا، تاہم میں نے انتظار کیا۔ جب انہوں نے سلام پھیرا تو میں نے ان کہا: تجھے یہ سورت کس نے پڑھائی جو میں نے تجھے پڑھتے سنی ہے؟ انہوں نے کہا کہ مجھے اس طرح رسول اللہ ﷺ نے پڑھایا ہے۔ میں نے انہیں کہا کہ تم درست نہیں کہہ رہے۔ اللہ کی قسم! خود رسول اللہ ﷺ نے مجھے بھی یہ سورت پڑھائی ہے جو میں نے تجھ سے سنی ہے تاہم میں انہیں رسول اللہ ﷺ کے پاس لے گیا اور عرض کی: اللہ کے رسول! میں نے خود سنا ہے کہ یہ سورۃ الفرقان کو ایسی قراءت میں پڑھ رہے تھے جس کی تعلیم آپ نے مجھے نہیں دی، حالانکہ خود آپ نے مجھے سورۃ الفرقان پڑھائی ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: "اے ہشام! تم یہ سورت پڑھ کر سناؤ۔" انہوں نے یہ (سورت) اس طرح سے پڑھی جس طرح میں سنی تھی۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "یہ اسی طرح نازل ہوئی ہے" پھر آپ نے مجھے فرمایا: "اے عمر! اب تم پڑھ کر سناؤ۔" چنانچہ میں نے اسے اس طرح سے پڑھا

جس طرح آپ ﷺ نے مجھے پڑھایا تھا آپ نے فرمایا: "یہ اسی طرح نازل ہوئی ہے۔" پھر آپ نے فرمایا: "بلاشبہ قرآن کریم سات حروف پر نازل ہوا ہے اس لیے تمہیں جو آسان ہو اس کے مطابق پڑھ لو۔"

اسی طرح سیدنا اُبی بن کعب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں:

«كُنْتُ فِي الْمَسْجِدِ فَدَخَلَ رَجُلٌ يُصَلِّي فَقَرَأَ قِرَاءَةً أَنْكَرْتُهَا عَلَيْهِ ثُمَّ دَخَلَ آخَرُ فَقَرَأَ قِرَاءَةً سِوَى قِرَاءَةِ صَاحِبِهِ فَلَمَّا قَضَيْنَا الصَّلَاةَ دَخَلْنَا جَمِيعًا عَلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ إِنَّ هَذَا قَرَأَ قِرَاءَةً أَنْكَرْتُهَا عَلَيْهِ وَدَخَلَ آخَرُ فَقَرَأَ سِوَى قِرَاءَةِ صَاحِبِهِ فَأَمَرَهُمَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَرَآ فَحَسَّنَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَأْنَهُمَا فَسَقَطَ فِي نَفْسِي مِنَ التَّكْذِيبِ وَلَا إِذْ كُنْتُ فِي الْجَاهِلِيَّةِ فَلَمَّا رَأَى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا قَدْ غَشِيَنِي ضَرَبَ فِي صَدْرِي فَفِضْتُ عَرَقًا وَكَأَنَّمَا أَنْظُرُ إِلَى اللَّهِ عَزَّ وَجَلَّ فَرَقًا فَقَالَ لِي يَا أُبَيُّ أُرْسِلَ إِلَيَّ أَنْ اقْرَأْ الْقُرْآنَ عَلَى حَرْفٍ فَرَدَدْتُ إِلَيْهِ أَنْ هَوِّنْ عَلَى أُمَّتِي فَرَدَّ إِلَيَّ الثَّانِيَةَ اقْرَأْهُ عَلَى حَرْفَيْنِ فَرَدَدْتُ إِلَيْهِ أَنْ هَوِّنْ عَلَى أُمَّتِي فَرَدَّ إِلَيَّ الثَّالِثَةَ اقْرَأْهُ عَلَى سَبْعَةِ أَحْرُفٍ.» (صحيح مسلم:820)

"میں مسجد میں تھا کہ ایک آدمی آیا اور اس نے ایسی قراءت کی جس پر میں نے تعجب کیا۔ پھر ایک اور آدمی آیا، اس نے اس سے بھی مختلف قراءت کی۔ جب ہم نے نماز ادا کرلی تو آپ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ میں نے عرض کیا کہ اس نے ایسی قراءت کی جو میں نہیں جانتا اور دوسرے نے اس سے بھی مختلف قراءت کی۔ آپ نے دونوں کو پڑھنے کا حکم دیا۔ ان دونوں نے پڑھا تو آپ نے ان دونوں میں سے ہر ایک کی قراءت کی تحسین فرمائی۔ اس سے میرے دل میں ایسا وسوسہ پیدا ہوا، جو کبھی دورِ جاہلیت میں بھی پیدا نہیں ہوا تھا۔ جب آپ نے میری اس کیفیت کو دیکھا تو میرے سینے پر ہاتھ مارا۔ خوف کی وجہ سے میں پسینے سے شرابور ہوگیا اور مجھے یوں محسوس ہوا جیسے میں اللہ تعالیٰ کی طرف دیکھ رہا ہوں۔ پھر آپ ﷺ نے فرمایا: اے اُبی! اللہ تعالیٰ نے میرے پاس فرشتے کو بھیجا، تاکہ میں ایک طریقے پر قرآن پڑھوں، میں نے مطالبہ کیا کہ میری اُمت پر آسانی کیجیے۔ فرشتہ پھر دوسری مرتبہ آیا اور کہا: دو طریقوں پر اُمت کو پڑھائیے۔ میں نے پھر وہی مطالبہ کیا۔ جب تیسری مرتبہ فرشتہ آیا تو اس نے کہا کہ آپ اپنی اُمت کو سات طریقوں میں قرآن مجید پڑھائیے۔"

سبعہ احرف پر مشتمل تمام احادیث نبویہ کا احاطہ کیا جائے تو ہمیں قراءاتِ قرآنیہ کے متعلق درج ذیل فرمانِ نبوی ملتے ہیں:

«أُنْزِلَ الْقُرْآنُ عَلَىٰ سَبْعَةِ أَحْرُفٍ، كُلُّهَا شَافٍ كَافٍ» (سنن النسائی:941)

"قرآن مجید سات لہجات پر نازل کیا گیا ہے، یہ سب شافی وکافی ہیں۔"

«فَأَيُّمَا حَرْفٍ قَرَءُوْا عَلَيْهِ فَقَدْ أَصَابُوْا» أَيْ أَصَابُوْا مُرَادَ اللهِ تَعَالَىٰ.

(صحيح مسلم:821)

"جس حرف پر وہ قرآن پڑھیں گے، (اللہ تعالیٰ کی مراد کو) پہنچ جائیں گے۔"

«فَأَيَّ ذٰلِكَ قَرَأْتُمْ أَصَبْتُمْ» (مسند أحمد:4/204)

"ان (لہجات) میں سے جس کے مطابق پڑھو گے، تم درستی کو پالو گے۔"

«فَاقْرَءُوْا مَا تَيَسَّرَ مِنْهُ» (صحيح البخاري:5041)

"ان (لہجات) میں سے جو آسان لگے، اس کے مطابق پڑھ لیا کرو۔"

«هٰكَذَا أُنْزِلَتْ» (مسند أحمد:1/277)

"(قرآن مجید) اسی طرح نازل ہوا ہے۔"

احادیث نبویہ میں وارد الفاظ "سبعہ احرف" سے کیا مراد ہے؟

اس بارے میں مختلف اقوال ہیں لیکن صحیح موقف یہ ہے کہ اس مراد اختلاف قراءات ہیں۔

اور اس کی دلیل سیدنا عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کی حدیث ہے کہ:

«فَإِذَا هُوَ يَقْرَأُ عَلَى حُرُوْفٍ كَثِيْرَةٍ»

کہ یہاں انہوں نے "حروف" بولا۔ اور آگے انہوں نے اس کی جگہ «فَقَرَأَ عَلَيْهِ الْقِرَائَةَ الَّتِيْ سَمِعْتُه» "قراءات" بولا۔ تو گویا عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے "بہت سارے حروف" سے "قراءات کا اختلاف" مراد لیا۔

اور یہ اختلافِ قراءات سات نوعیتوں پر مشتمل ہے۔ امام ابن جزری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

«وَلَا زِلْتُ أَسْتَشْكِلُ هٰذَا الْحَدِيْثَ وَأُفَكِّرُ فِيْهِ وَأُمْعِنُ النَّظَرَ مِنْ نَيِّفٍ وَثَلَاثِيْنَ سَنَةً حَتّٰى فَتَحَ اللهُ عَلَيَّ بِمَا يُمْكِنُ أَنْ يَكُوْنَ صَوَابًا إِنْ شَاءَ اللهُ، وَذٰلِكَ أَنِّيْ تَتَبَّعْتُ الْقِرَاءَاتِ صَحِيْحًا، وَشَاذَهَا، وَضَعِيْفَهَا، وَمُنْكَرَهَا، فَإِذَا هُوَ يَرْجِعُ اخْتِلَافُهَا إِلَى السَّبْعَةِ أَوْجُهٍ مِنَ الِاخْتِلَافِ لَا يَخْرُجُهَا.»

(النشر فی القراء ات العشر: 26/1)

"میں اس حدیث کے متعلق اشکالات کا شکار رہا اور مسلسل اس میں غور و فکر کرتا رہا۔ تیس سال سے زیادہ عرصہ سوچ و بچار کے بعد بالآخر اللہ تعالیٰ نے اس کا مفہوم مجھ پر کھول دیا اور میں سمجھتا ہوں کہ ان شاء اللہ درست مفہوم ہو گا۔ وہ یہ ہے کہ میں نے تمام قراءتوں پر غور کیا تو ان کے تغیر کو سات قسموں سے باہر نہ پایا، جو کہ درج ذیل ہیں:"

① اسماء کا اختلاف، جیسے: وَسَيَعْلَمُ الْكُفَّرُ سے وَسَيَعْلَمُ الْكٰفِرُ

② افعال کا اختلاف، جیسے: وَمَنْ تَطَوَّعَ سے وَمن يَّطَّوَّعْ

③ وجوہِ اعراب کا اختلاف، جیسے: وَلِبَاسَ التَّقْوٰى سے وَلِبَاسُ التَّقْوٰى

④ کمی وزیادتی کا اختلاف، جیسے: وَ سَارِعُوْا اِلٰى مَغْفِرَةٍ سے سَارِعُوْا اِلٰى مَغْفِرَةٍ

⑤ تقدیم و تاخیر کا اختلاف، جیسے: وَقَاتَلُوْا وَقُتِلُوْا سے وَقُتِلُوْا وَقَاتَلُوْا

⑥ ایک حرف یا کلمہ کی جگہ دوسرے حرف یا کلمے کے بدلنے کا اختلاف، جیسے: وَلَا يَخَافُ عُقْبٰهَا سے فَلَا يَخَافُ عُقْبٰهَا

⑦ لہجات کا اختلاف، جیسے فتح و امالہ، صلہ و عدم صلہ وغیرہ

یہی موقف امام مالک، علامہ ابن قتیبہ، ابو الفضل رازی اور امام باقلانی رحمۃ اللہ علیہم کا ہے۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے دنیا سے چلے جانے کے بعد سیدنا ابو بکر رضی اللہ عنہ نے منصب خلافت سنبھالا تو ان کے ابتدائی ایام ہی میں بعض عرب قبائل نے اسلام کو چھوڑ دیا اور ارتداد کی راہ اختیار کر لی، انہوں نے زکاۃ جیسے بعض اسلامی حقوق کا انکار کر دیا اور بعض قبائل مدعی نبوت مسیلمہ کذاب کے ساتھ جا ملے۔ چنانچہ سیدنا ابو بکر رضی اللہ عنہ نے ان مرتدین اور مانعین زکاۃ کے خلاف جہاد کیا۔ اور اس جہاد میں قرآن مجید کے حفاظ کی بہت بڑی تعداد نے شرکت کی اور مسیلمہ کذاب کے خلاف لڑی جانے والی جنگ یمامہ میں متعدد حفاظ کرام شہید ہوئے۔ سیدنا عمر رضی اللہ عنہ نے جب کثیر تعداد میں حفاظ کرام کی شہادتوں کو دیکھا تو سیدنا ابو بکر رضی اللہ عنہ کو کتابی شکل میں جمع قرآن کا مشورہ دیا، تاکہ ان حفاظ کرام کی شہادتوں سے قرآن مجید ضائع نہ ہو جائے۔

سیدنا ابو بکر رضی اللہ عنہ نے زید بن ثابت رضی اللہ عنہ کو اس جمع قرآن کی ذمہ داری سونپی۔ زید بن ثابت رضی اللہ عنہ نے قرآن مجید کو کھجور کی شاخوں، ہڈیوں، چمڑے کی تختیوں اور لوگوں کے سینوں سے تلاش کر کے ایک جگہ جمع کر دیا۔ جب مکمل قرآن مجید ایک جگہ جمع ہو گیا تو سیدنا ابو بکر رضی اللہ عنہ نے اپنے

پاس محفوظ کر لیا، جو آپ کی وفات تک آپ کے پاس رہا۔ آپ کی رحلت کے بعد سیدنا عمر رضی اللہ عنہ کے پاس منتقل ہو گیا اور ان کی زندگی میں ان کے پاس موجود رہا، پھر ان کی شہادت کے بعد آپ کی بیٹی ام المومنین سیدہ حفصہ رضی اللہ عنہا کے پاس محفوظ ہو گیا۔ (صحيح البخاري: 4986)

اس کے بعد جب سیدنا عثمان رضی اللہ عنہ کا دورِ خلافت شروع ہوا تو قراءاتِ قرآنیہ کے متعلق ایک بار پھر اختلاف رونما ہوا۔ جس کی وجہ یہ بنی کہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم مختلف ملکوں اور شہروں میں پھیل گئے تھے تو تابعین نے ان سے وہی حروف اخذ کیے جو انہوں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے اخذ کیے تھے۔ چنانچہ تابعین کا قراءات میں اختلاف ہو گیا کیونکہ کسی نے ایک قراءت کسی صحابی سے پڑھی تو دیگر نے دوسری قراءت کسی اور صحابی سے پڑھی تھی۔ اور جس طرح دور نبوی میں صحابہ کے مابین اختلاف ہوا اسی طرح اب صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے شاگرد (تابعین) میں ہونے لگا، کہ جب وہ ایک جگہ جمع ہوتے تو ایک دوسرے سے اختلاف کرنے لگتے، اس لیے کہ وہ ایک دوسرے کی قراءت کو جانتے ہی نہ تھے۔ تو سیدنا عثمان رضی اللہ عنہ نے اس اختلاف کے سدباب کے لیے سرکاری طور پر مصحف ابی بکر کی چھ نقلیں تیار کروا کر خلافت اسلامیہ کے بڑے شہر مکہ، مدینہ، شام، کوفہ، بصرہ کی طرف بھیجے دیے اور ساتھ ایک ایک صحابی کو بھی معلم بنا کر بھیجا تاکہ وہ اس مصحف کے موافق اس شہر والوں کو تعلیم دے۔ اور چھٹا مصحف اپنے پاس رکھا جسے وہ خود تلاوت کیا کرتے تھے، جسے مصحف امام کہا جاتا ہے۔

جب یہ مصاحف مختلف شہروں اور ممالک میں پہنچے تو ایک بڑی جماعت اس کے پڑھنے پڑھانے کی طرف متوجہ ہوئی اور جس طرح صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے پڑھا تھا، اس کے موافق ان کی تلاوت و قراءت کا اہتمام کرنے لگی۔ نتیجتاً ہر شہر میں بے شمار قرائے کرام معروف ہو گئے۔

امام ابن جزری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

”ایک قوم اپنی دیگر تمام مصروفیاتِ زندگی ترک کر کے قراءاتِ قرآنیہ کی تعلیم اور ان کے فروغ میں مگن ہو گئی۔ انہوں نے ضبط قراءات کے میدان میں اتنی زیادہ محنت کی کہ وہ اس فن کے امام بن گئے، اور علم کے پیاسے دور دراز سے سفر کر کے ان کے پاس آنے لگے اور اپنی علمی پیاس بجھانے لگے۔ شہر والوں کی جانب سے ان کی قراءات کو تلقی بالقبول حاصل ہوا اور کہیں بھی دو آدمیوں نے ان سے اختلاف نہ کیا اور ان کے اس خصوصی اہتمام کی وجہ سے قراءات کو ان کی طرف منسوب کیا جانے لگا۔“

مزید فرماتے ہیں:

«وَهٰذِهِ الْإِضَافَةُ إِضَافَةُ اخْتِيَارٍ وَدَوَامٍ وَلُزُوْمٍ لَا إِضَافَةُ اخْتِرَاعٍ وَرَأْيٍ وَاجْتِهَادٍ.» (النشر في القراء ات العشر:52/1)

”یہ نسبت صرف ان کے اس قراءت کو اختیار کرنے اور اس کے ساتھ دوام اور لزوم کی بنا پر تھی، نہ کہ یہ نسبت وضع اور اجتہادی تھی۔“

معلوم ہوا کہ قرائے عشرہ کی طرف قراءات کی نسبت ان کے اس علم کے ساتھ لزوم اور دوام کی وجہ سے ہے، وضع اور اجتہاد کی وجہ سے نہیں ہے۔

قرائے عشرہ اور ان جیسے دیگر قراء کرام کی مساعی جمیلہ نے، علم قراءات کی جمع و تدوین اور اس کی تصنیفات لکھنے کے لیے بنیادی مواد فراہم کیا۔ اور یوں علم قراءات میں تالیف و تدوین کا آغاز ہوا۔

علم قراءات میں سب سے پہلی کتاب کے مولف کے بارے میں مورخین کا اختلاف ہے۔ راجح قول کے مطابق علم قراءات میں سب سے پہلے کتاب لکھنے والے امام یحیٰی بن یعمر عدوی رحمۃ اللہ علیہ (متوفی: 90ھ) ہیں، اس کے بعد اس موضوع پر مسلسل کتابیں لکھی جانے لگیں۔

جن میں سے مشہور ترین کتاب امام ابو بکر احمد بن موسیٰ بن عباس بن مجاہد رحمۃ اللہ علیہ (متوفی: 324ھ) کی "کتاب السبعة" ہے ۔جس سے قراء سبعۃ کی اصطلاح مشہور ہوئی۔

اس کے بعد قراءات سبعہ پر مسلسل کتابیں لکھی جانے لگیں، جن میں سب سے مشہور اور اہم کتاب امام ابو عمرو عثمان بن سعید دانی رحمۃ اللہ علیہ (متوفی:444ھ) کی کتاب" التیسیر فی القراءات السبع "ہے۔

اس کتاب کی شہرت کا سبب امام ابو القاسم بن فیرہ اندلسی شاطبی رحمۃ اللہ علیہ (متوفی:590ھ) کی کتاب "حرز الأمانی ووجه التهانی" ہے، جو کہ" الشاطبیه" کے نام سے معروف ہے۔ اس میں امام شاطبی رحمۃ اللہ علیہ نے امام دانی رحمۃ اللہ علیہ کی کتاب "التیسیر" اور دیگر اضافات کو نظم کر دیا ۔اس کے 1173 اشعار ہیں۔

چوتھی صدی ہجری میں امام ابن مجاہد رحمۃ اللہ علیہ کی جمع کردہ "قراءات سبعه" سے لوگوں کے قلوب واذہان میں یہ وہم پیدا ہو گیا کہ حدیث مبارکہ «أُنْزِلَ الْقُرْآنُ عَلٰى سَبْعَةِ أَحْرُفٍ» میں وارد "احرف سبعه" سے مراد یہی قراءات سبعہ ہیں، اور اس کے علاوہ کوئی قراءات صحیح اور متواتر نہیں ہے۔ جس طرح کہ امام ابراہیم بن عمر جعبری خلیلی (متوفی:732ھ) فرماتے ہیں:

«فَزَلَّ بِهِ الْجَمُّ الْغَفِيْرُ فَجَهَّلا» (قصيدة نهج الدمائة)

"تو اس کی وجہ سے ایک جم غفیر مغالطے کا شکار ہو گئی۔"

تو اہل علم نے اس شبہ کو زائل کرنے کے لیے سات کے عدد کو چھوڑ کر مختلف اعداد کے ساتھ قراءات پر کتب لکھیں۔ جن میں شہرہ آفاق کتابوں میں سے " تحبير التيسير "اور "النشر في القراءات العشر" ہے۔ جس کے مصنف امام محمد بن محمد بن محمد بن علی بن یوسف المعروف ابن جزری رحمۃ اللہ علیہ (متوفی:833ھ) ہیں۔

" تحبير التيسر" اس کتاب میں آپ نے امام دانی کی کتاب "التیسر" کے ساتھ مزید تین قراءات کا اضافہ کر دیا۔ جس سے قراءات عشرہ صغری مکمل ہو گئیں۔ پھر آپ نے ان تین قراءات کے اضافے کو نظم کی صورت میں "الدُّرَّةُ الْمُضِيَّةُ فِي الْقِرَاءَاتِ الثَّلَاثِ الْمَرْضِيَّةِ الْمُتَمِّمَةُ لِلْعَشَرَةِ "میں بیان کر دیا۔

"النشر في القراءات العشر" اس کی نظم کا نام "طيبة النشر" رکھا، جس میں 1050 اشعار ہیں اور اس کے بارے میں خود فرماتے ہیں:

«وَمَن زَعَمَ أَنَّ هٰذَا الْعِلْمَ قَدْ مَاتَ قِيلَ لَه حَيَّ بِالنَّشْرِ»

"جس کا یہ گمان ہے کہ علم قراءات فوت ہو گیا ہے، تو اسے کہا جائے کہ "النشر في القراءات العشر "سے وہ زندہ ہو گیا ہے۔"

قراء کے اصطلاح میں ''شاطبیہ'' کی سات اور ''دُرّہ'' کی تین قراءات کو ملا کر "العشر الصغری "کا نام دیا جاتا ہے جبکہ "طيبة النشر" کی 10 قراءات کو "العشر الكبرى "کے نام سے موسوم کیا جاتا ہے۔ جس کی وجہ یہ ہے کہ شاطبیہ، دُرّہ میں 10 قراء کے دو دو راوی اور ان کے آگے ایک ایک طریق لیا گیا ہے، علاوہ ادریس عن خلف کے کہ دُرّہ ہی سے ان کے دو طریق ہیں۔ مجموعی طرق 21 ہوئے۔





جبکہ "طیبة النشر" میں انہیں 10 قراء کے دو دو راوی اور ان کے آگے چار چار طریق جمع کیے گئے ہیں، جو 80 طرق بن جاتے ہیں، اور ان کے آگے فروعی طرق 980 تک پہنچ جاتے ہیں۔ اور اہل فن کے ہاں یہ طرق 37 کتب سے اخذ کیے گئے ہیں۔

الإمام نافع المدني

- قالون
  - أبو نَشيط
    - أبو بكر ابن الأشعث
      - ابن بُويان
      - القَزَّاز
  - الحُلواني
    - ابن أبي مِهْرَان
    - جعفر بن محمد
- ورش
  - الأزرق
    - النَّحَّاس
    - ابن سَيف
  - الأصبهاني
    - هِبّة الله بن جعفر
    - المُطَّوِّعي

الإمام ابن كثير المكى

- البزي
  - أبو رَبيعة
    - النقاش
    - ابن بُنان
  - ابن الحُباب
    - ابن صالح
    - عبد الواحد
- قنبل
  - ابن مجاهد
    - السَّامِري
    - صالح
  - ابن شَنَبُوذ
    - أبو الفرج
    - الشَّطَوي

الإمام أبي عمرو البصري

- دوري البصري
  - أبو الزَّعراء
    - ابن مجاهد
    - المُعَدَّل
  - ابن فَرَح
    - زيد بن علي
    - المُطَّوِّعي
- السوسي
  - ابن جرير
    - السَّامِري
    - ابن حَبَش
  - ابن جُمْهُور
    - ابن شَنَبُوْذ
      - الشَّذَائي
      - الشَّنَبُوْذِي

الإمام ابن عامر الشامي

- هشام
  - الحُلواني
    - ابن عَبْدان
    - الجَمَّال
  - أبوبكر البَيْسَانى، أبوالحسن ابن مَامَوَيْه، إسماعيل ابن الحُوَيْرِس
    - الداجوني
      - زيد بن علي
      - الشَّذَائي
- ابن ذكوان
  - الأخفش
    - النَّقَّاش
    - ابن الأخرم
  - الصوري
    - الرَّمْلي
    - المُطَّوِّعي

الإمام عاصم الكوفي

- شعبة
  - يحيىٰ بن آدم
    - شعيب
    - ابوحَمْدُون
  - يحيىٰ بن محمد العُليمي
    - أبوبكر الواسطي
      - ابن خُلَيْع
      - الرَّزَّاز
- حفص
  - عبيد بن الصَّبَّاح
    - أبو العباس الأُشْنَاني
      - الهاشمي
      - أبوطاهر
  - عمرو بن الصَّبَّاح
    - الفِيل
    - زَرْعان

الإمام حمزة الكوفي

- خلف بن هشام
  - إدريس
    - ابن عثمان
    - ابن مِقْسَم
    - ابن صالح
    - المُطَّوِّعي
- خلاد بن خالد
  - محمد بن شاذان
  - ابن الهيثم
  - الوزَّان
  - الطَّلْحي

الإمام على بن حمزة الكسائى الكوفي

- أبو الحارث
  - محمد بن يحيىٰ
    - البَطِّي
    - القَنْطَرِي
  - سلمة بن عاصم
    - ثَعْلَب
    - ابن الفَرَج
- دورى الكسائي
  - جعفر النَّصِيْبِي
    - ابن الجُلَنْدَا
    - ابن دِيْزَوَيْه
  - أبو عثمان الضرير
    - ابن أبي هاشم
    - الشَّذائي

الإمام أبوجعفر المدني

- ابن وردان
  - قالون
    - الحُلْواني
      - الفضل بن شاذان
        - ابن شَبِيب
        - ابن هارون
      - جعفر بن محمد
        - هِبَّة الله بن جعفر
          - الحنبلي
          - الحَمَّامي
- ابن جماز
  - إسماعيل بن جعفر
    - الهاشمي
      - ابن رَزِين
      - الجَمَّال
    - الدوري
      - ابن النَّفَّاح
      - ابن نَهْشَل

الإمام يعقوب الحضرمي



الإمام خلف العاشر الكوفي



(السلاسل الذهبيّة بالأسانيد النشرية : 476-217) سے ماخوذ

"طیبة النشر" میں شاطبیہ اور دُرّہ سے جن وجوہ کا اضافہ ہے، ان کی دو قسمیں ہیں:

- وہ وجہ جو شاطبیہ اور درّہ میں کسی ایک قاری کے لیے موجود ہے، لیکن طیبہ میں وہ وجہ کسی اور قاری کے لیے بھی ہے، تو یہ وجہ زیاداتِ طیبہ میں شمار ہوگی۔ جیسے دوری بصری کے لیے بطریق طیبہ: "ادغام کبیر" بھی ہے، جبکہ بطریق شاطبیہ یہ سوسی سے ہے، تو دوری بصری کے لیے "ادغام کبیر" زیاداتِ طیبہ کہلائے گا۔

- وہ وجہ جو شاطبیہ اور درّہ میں کسی قاری یا راوی سے مروی نہیں ہے، بلکہ وہ وجہ صرف طیبة النشر میں بیان ہوئی ہے۔ جیسے امام حمزہ کے لیے مدِ منفصل اور مدِ متصل میں سکتہ ہے۔ اس دوسری قسم سے زیاداتِ طیبہ فرشی کلمات 14 ہیں:

1. ﴿لِلْمَلَٰٓئِكَةِ اسْجُدُوا﴾ (ہر جگہ) اشمام کے ساتھ: ابن وردان
2. ﴿وَزَادَهُۥ بَسْطَةً فِى الْعِلْمِ وَالْجِسْمِ﴾ [البقرة: 247] صاد کے ساتھ: ابن شنبوذ عن قنبل
3. ﴿مَنِ اتَّبَعَ رِضْوَانَهُۥ﴾ [المائدة: 16] راء کے ضمہ کے ساتھ: شعبہ
4. ﴿إِلَّا مَا اضْطُرِرْتُمْ إِلَيْهِ﴾ [الأنعام: 119] طاء کے کسرہ کے ساتھ: ابن وردان
5. ﴿إِنَّ وَلِـِّۧىَ اللَّهُ﴾ [الأعراف: 196] ﴿وَلِيَّ / وَلِيِّ﴾: سوسی
6. ﴿وَتَكُونَ لَكُمَا الْكِبْرِيَآءُ﴾ [يونس: 78] یاء کے ساتھ: شعبہ
7. ﴿ادْخُلُوهَا بِسَلَٰمٍ ءَامِنِينَ﴾ [الحجر: 46] خ کے کسرہ کے ساتھ: رویس
8. ﴿مِن لَّدُنِّى عُذْرًا﴾ [الكهف: 76] ﴿لَّدُنِى﴾ دال کے اختلاس کے ساتھ: شعبہ
9. ﴿عَلَىٰ مَا تَصِفُونَ﴾ [الأنبياء:112] یاء کے ساتھ: ابن ذکوان
10. ﴿أَوْ تَهْوِى بِهِ الرِّيحُ﴾ [الحج: 31] جمع کے ساتھ: ابو جعفر
11. ﴿فَقَدْ كَذَّبُوكُم بِمَا تَقُولُونَ﴾ [الفرقان: 19] یاء کے ساتھ: قنبل
12. ﴿وَمَآ أَلَتْنَٰهُم مِّنْ عَمَلِهِم﴾ [الطور: 21] ﴿وَمَا لِتْنَٰهُم﴾ بغیر ہمزہ کے: ابن شنبوذ عن قنبل
13. ﴿رَأْفَةً وَرَحْمَةً﴾ [الحديد: 27] ﴿رَآفَةً﴾: ابن شنبوذ عن قنبل
14. ﴿وَمِن شَرِّ النَّفَّٰثَٰتِ﴾ [الفلق: 4] ﴿النَّٰفِثَٰتِ﴾: رویس

قراءات قرآنیہ کے متعلق علمائے امت کا موقف:

❶ امام تاج الدین عبد الوہاب بن علی سبکی رحمۃ اللہ علیہ (متوفی: 771ھ) فرماتے ہیں:

اَلْقِرَاءَاتُ السَّبْعُ الَّتِي اقْتَصَرَ عَلَيْهَا الشَّاطِبِيُّ، وَالثَّلَاثَةُ الَّتِيْ هِيَ قِرَاءَةُ اَبِيْ جَعْفَرٍ وَقِرَاءَةُ يَعْقُوبَ وَقِرَاءَةُ خَلَفٍ ،مُتَوَاتِرَةٌ مَعْلُوْمَةٌ مِنَ الدِّيْنِ بِالضَّرُورَةِ، اَنَّه مُنَزَّلٌ عَلٰى رَسُولِ اللهِ ﷺ ،لاَ يُكَابِرُ فِيْ شَيْءٍ مِنْ ذٰلِكَ اِلاَّ جَاہِلٌ ،وَلَيْسَ تَوَاتُرُ شَيْءٍ مِنْهَا مَقْصُوْرًا عَلٰى مَنْ قَرَأَ بِالرِّوَايَاتِ بَلْ هِيَ مُتَوَاتِرَةٌ عِنْدَ كُلِّ مُسْلِمٍ يَقُولُ أَشْهَدُ أَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللهُ وَأَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ اللهِ، وَلَوْ كَانَ مَعَ ذٰلِكَ عَامِيًّا لَا يَحْفَظُ مِنَ الْقُرْآنِ حَرْفًا. (النشر في القراء ات العشر:46/1)

قراء ات سبعہ جنہیں امام شاطبی رحمۃ اللہ علیہ نے نقل کیا اوران کے علاوہ قراء ات ثلاثہ جو ابو جعفر رحمۃ اللہ علیہ ، یعقوب رحمۃ اللہ علیہ اور خلف العاشر رحمۃ اللہ علیہ کی قراء ات پر مشتمل ہیں، یہ (تمام قراء ات) متواتر ہیں اور ان کا دینی ضرورت ہونا ثابت ہے۔ قراء ات ثابتہ میں سے کسی ایک کا بھی انکار صرف جاہل آدمی ہی کر سکتا ہے۔ان قراء ات کا متواتر ہونا صرف ان کے نقل کرنے والوں کی حد تک نہیں بلکہ ہر اس شخص کے ہاں مسلم ہے جوأشهد أن لا اله إلا الله وأشهد أن محمداً رسول الله کا اقرار کرتا ہے۔ اگرچہ وہ کتنا ہی سادہ لوح کیوں نہ ہو اور اس نے قرآن کا ایک حرف بھی یاد نہ کیا ہو۔

❷ امام یحییٰ بن شرف النووی رحمۃ اللہ علیہ (متوفی:676ھ)، جو کہ شارح صحیح مسلم ہیں، فرماتے ہیں:

تَجُوزُ الْقِرَاءَةُ فِى الصَّلَاةِ وَغَيرِهَا بِكُلِّ وَاحِدَةٍ مِنَ الْقِرَاءَاتِ السَّبْعِ، وَلَا تَجُوزُ الْقِرَاءَةُ فِى الصَّلَاةِ وَلَا غيرِهَا بِالْقِرَاءَةِ الشَّاذَةِ، لِأَنَّهَا لَيْسَتْ قُرْآناً، فَإِنَّ الْقُرْآنَ لَا يَثْبُتُ اِلَّا بِالتَّوَاتُرِ، وَكُلُّ وَاحِدَةٍ مِنَ السَّبْعِ مُتَوَاتِرَةٌ، هٰذَا هُوَ الصَّوَابُ، وَمَنْ قَالَ غَيْرَه فَغَالِطٌ اَوْ جَاہِلٌ. (المجموع:392/3)

”نماز میں اور نماز کے علاوہ (عام حالت) میں قراء اتِ سبعہ میں سے ہر قراء ات کا پڑھنا جائز ہے البتہ نماز میں اور نماز کے علاوہ (عام حالت) میں قراء اتِ شاذہ کا پڑھنا جائز نہیں ہے، اس لیے کہ وہ قرآن نہیں ہیں- قرآن تو صرف تواتر کے ساتھ ہی ثابت ہوتا ہے اور قراء اتِ سبعہ میں سے ہر قراء ات متواتر ہے-یہی درست موقف ہے-جو اس کے سوا موقف رکھتا ہے وہ غلطی پر ہے یا جہالت کا مظاہرہ کرتا ہے-“

❸ امام محمد بن محمد بن محمد بن احمد غزالی رحمۃ اللہ علیہ (متوفی:505ھ) فرماتے ہیں:

مَا نُقِلَ اِلَيْنَا بَيْنَ دَفَّتَى الْمُصْحَفِ عَلَى الْأَحْرُفِ السَّبْعَةِ الْمَشْهُورَةِ نَقْلاً مُتَوَاتِرًا. (المستصفی،ص: 65)

”مصحف کے دوگتّوں کے درمیان جو کچھ نقل ہو کر ہم تک پہنچا ہے وہ ان احرفِ سبعہ پر مشتمل ہے جو مشہور ہیں اور تواتر کے ساتھ نقل ہوئے ہیں-“

❹ امام محمد بن عبد الباقی زُرقانی رحمۃ اللہ علیہ (متوفی:1122ھ) فرماتے ہیں:

وَالتَّحقِيقُ الَّذِى يُؤَيِّدُهُ الدَّلِيلُ هُوَأَنَّ الْقِرَاءَ اتِ الْعَشَرَ كُلُّهَا مُتَوَاتِرَةٌ.

(مناهل العرفان:441/1)

”جس تحقیق کی تائید دلیل سے ہوتی ہے وہ یہی ہے کہ قراء اتِ عشرہ تمام کی تمام متواتر ہیں-“ اور یہی رائے امام نویری کی ہے-

❺ محمد بن احمد ابن النجار الفتوحی رحمۃ اللہ علیہ (متوفی:972ھ) فرماتے ہیں:

وَالْقِرَاءَاتُ السَّبْعُ مُتَوَاتِرَةٌ عِنْدَ الْأَئِمَّةِ الْأَرْبَعَةِ وَغَيْرِهِمْ مِنَ الْأَئِمَّةِ مِنْ عُلَمَاءِ السُّنَّةِ. (شرح الكوكب المنبير:127/2)

”قراء اتِ سبع علمائے سنت میں سے ائمہ اربعہ اور دیگر کے نزدیک متواتر ہیں-“

زیر نظر رسالے میں طیبہ کے طریق سے قراء عشرہ کے اصولوں کو طلبہ کی سہولت اور آسانی کے لیے جداول (نقشوں) کی صورت میں پیش کیا گیا ہے، اسی طرح تحریرات کو اکثر جگہوں پر جداول (نقشوں) کے اندر ہی شامل کر دیا گیا ہے۔ اسی طرح قراء کے ہاں تقدیم و تاخیر کے اعتبار سے وجوہ کو لکھا گیا ہے۔

میں آخر میں سب سے پہلے اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرتا ہوں جس کی بے پناہ توفیق اور عنایتوں ہی سے اس رسالے کی تکمیل ممکن ہوئی۔ اس کے بعد اپنے والد اور مربی محترم قاری محمد ابراہیم میر محمدی حفظہ اللہ کا بھی انتہائی ممنون ہوں جن کی موضوع سے خاص دلچسپی، علمی سرپرستی سے اور اہم مصادر و مراجع کی نشان دہی سے یہ رسالہ پایۂ تکمیل کو پہنچا۔

محترم فضیلۃ الشیخ عمرو بن عبد اللہ حلوانی مصری حفظہ اللہ کا بھی شکر گزار ہوں جنہوں نے حرف بہ حرف اس رسالے کی سماعت کی، اور اس کی نظر ثانی کا کام سرانجام دیا، نیز راقم کے دل میں ان تمام احباب کے لیے شکر و امتنان کے جذبات و احساسات موجزن ہیں جنہوں نے کسی بھی طرح سے اس کارِ خیر میں معاونت کی اور اس کتاب کی تیاری میں اپنی خدمات پیش کیں۔

فجزاهم الله أحسن الجزاء في الدّارَين.

وَأَسْأَلُ اللهَ تَبَارَكَ وَتَعَالَى أَن يَّغْفِرَ لِيْ خَطَئِيْ وَتَقْصِيْرِيْ، وَأَن يَّنْفَعَ بِهِ سَائِرَ الْمُسْلِمِيْنَ إِنَّهُ سَمِيْعٌ مُجِيْبٌ، وَأَنْ يَجْعَلَهُ فِيْ صَحَائِفِ أَعْمَالِيْ ﴿يَوْمَ لَا يَنفَعُ مَالٌ وَلَا بَنُونَ ۝٨٨ إِلَّا مَنْ أَتَى ٱللَّهَ بِقَلْبٍ سَلِيمٍ﴾، وَصَلَّى اللهُ عَلَى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ الْفَاتِحِ لِمَا أُغْلِقَ، وَالْخَاتِمِ لِمَا سَبَقَ، نَاصِرِ الْحَقِّ بِالْحَقِّ، وَالْهَادِيْ إِلَى صِرَاطِهِ الْمُسْتَقِيْمِ، وَعَلَى آلِهِ وَأَصْحَابِهِ حَقَّ قَدْرِهِ وَمِقْدَارِهِ الْعَظِيْمِ.

میں اللہ تعالیٰ سے دعا گو ہوں کہ وہ میری غلطی اور کمی و کوتاہی کو معاف فرما دے، اس کتاب کے ذریعے سے تمام مسلمانوں کو فائدہ پہنچائے، یقیناً وہ دعا کو خوب سننے اور بہت قبول فرمانے والا ہے۔ بارگاہِ الٰہی میں میری یہ بھی التجا ہے کہ وہ اس ادنیٰ سی کاوش کو اس دن میرے اعمال نامے میں رکھ دے جس دن نہ مال کام آئے گا اور نہ ہی اولاد، ہاں! جو قلبِ سلیم لے کر آئے گا (وہی نجات پائے گا)۔ اللہ تعالیٰ کی رحمتوں کا نزول ہو ہمارے آقا و سردار محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر؛ جنہوں نے بند دماغوں کو کھولا اور انبیاء کے سلسلے پر آخری مہر ثبت فرمائی، جنہوں نے حق کے ذریعے سے ہی حق کی مدد کی اور تیرے صراطِ مستقیم کی طرف راہنمائی فرمائی اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی آل و اصحاب پر؛ اللہ کی عظیم شان و شمار کے مطابق نزولِ رحمت ہو!

عويمر إبراهيم
رَاجِیْ رَحْمَةِ الْغَفُوْرِ الرَّحِيْمِ

تقدیم

(الشيخ قاري محمد ابراهيم مير محمدي حفظه الله)

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِى أَنْزَلَ الْقُرْآنَ عَلٰى سَبْعَةِ أَحْرُفٍ تَيْسِيرًا، وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ الَّذِيْنَ أَخَذُوا الْقُرْآنَ كَمَا عَلَّمَهُمْ نَبِيُّهُمْ تَعْلِيْمًا، وَحَفِظُوْهُ وَصَانُوْهُ عَنِ التَّحْرِيْفِ، وَحَرَّرُوا طُرُقَهُ وَرِوَايَاتِهٖ، وَبَذَلُوا فِيْهِ جُهْدَهُمْ تَعْظِيْمًا وَتَكْرِيْمًا؛ فَجَزَاهُمُ اللّٰهُ عَنِ الْقُرْآنِ وَأَهْلِهٖ خَيْرَ الْجَزَاءِ، أَمَّا بَعْدُ...

فَإِنَّ أَوَّلَ مَا نَدَبَنَا إِلَيْهِ اللّٰهُ تَعَالٰى وَتَعَبَّدَنَا بِهٖ طَلَبُ الْعِلْمِ وَالْعَمَلِ بِهٖ؛ لِقَوْلِ النَّبِيِّ ﷺ: «طَلَبُ الْعِلْمِ فَرِيضَةٌ عَلٰى كُلِّ مُسْلِمٍ».

وَالْقُرْآنُ أَفْضَلُ الْعِلْمِ إِذْ إِنَّ تِلَاوَتَهٗ تُوَصِّلُ إِلٰى مَعْرِفَةِ أَحْكَامِهٖ وَحَلَالِهٖ وَحَرَامِهٖ وَأَمْرِهٖ وَنَهْيِهٖ.

فَالْمُحَافِظُ عَلٰى تِلَاوَتِهٖ وَالْمُوَاظِبُ عَلٰى دِرَاسَتِهٖ وَالْمُسَارِعُ إِلَى الِاسْتِجَابَةِ إِلَيْهِ مِنْ أَهْلِ اللّٰهِ وَخَاصَّتِهٖ؛

لِقَوْلِ النَّبِيِّ ﷺ: إِنَّ لِلّٰهِ أَهْلِيْنَ مِنَ النَّاسِ، قِيْلَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ مَنْ أَهْلُ اللّٰهِ؟ قَالَ: أَهْلُ الْقُرْآنِ هُمْ أَهْلُ اللّٰهِ وَخَاصَّتُهُ.

يَقُوْلُ الشَّافِعِيُّ:

كُلُّ الْعُلُومِ سِوَى الْقُرْآنِ مَشْغَلَةٌ   إِلَّا الْحَدِيثُ وَعِلْمُ الْفِقْهِ فِي الدِّينِ

تمام تعریفات اس ذاتِ مقدس کے لیے ہیں جس نے اس اُمت کی آسانی کے لیے قرآنِ مجید کو سات حروف پر نازل فرمایا اور درود و سلام ہو معلّم قرآن ﷺ پر، اور آپ کی آل و اصحاب پر بھی، کہ جنہوں نے قرآن کو اسی طرح حاصل کیا جیسے انہیں نبی کریم ﷺ نے تعلیم دی تھی۔ انہوں نے قرآنِ کریم کی حفاظت کی، اسے تحریف سے بچا کر رکھا، اس کے طرق اور روایات کو احاطہ تحریر میں لائے اور اس کی تعظیم و تکریم کے پیشِ نظر اس کی تعلیم و ترویج میں خوب جدوجہد کی۔ اللہ تعالیٰ انہیں قرآن اور اہلِ قرآن کی خدمت کرنے پر بہترین جزاء عطا فرمائے۔ امابعد!

اللہ تعالیٰ نے سب سے پہلے ہمیں جس کام کا تاکیدی حکم دیا ہے وہ علم حاصل کرنا اور پھر اس پر عمل کرنا ہے۔ جیسا کہ نبی ﷺ کا فرمان ہے: ”علم کا حصول ہر مسلمان پر فرض ہے۔“ (سنن ابن ماجہ: 224)

سب سے افضل علم قرآنِ کریم کا ہے۔ اس کی تلاوت ہی انسان کو اس کے احکام، حلال و حرام اور اوامر و نواہی سے روشناس کر دیتی ہے۔ لہٰذا جو شخص پابندی سے اس کی تلاوت کرتا ہے، اس کو پڑھنے پڑھانے میں دلچسپی لیتا ہے اور اس کے ہر حکم پر سر تسلیم خم کر دیتا ہے، وہ اللہ کے ”اہل“ اور ”خاص“ لوگوں میں شمار ہوتا ہے۔

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ”لوگوں میں سے کچھ افراد اللہ والے ہوتے ہیں۔“ صحابہ کرام نے عرض کیا: اے اللہ کے رسول! وہ کون لوگ ہیں؟ فرمایا: ”قرآن والے، وہی اللہ والے اور اس کے خاص بندے ہیں۔“

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

”سارے علوم بس مشغلہ ہی ہیں، سوائے قرآن کے، علم حدیث کے اور دین میں فقاہت حاصل کرنے کے۔“

وَقَدْ كَثُرَتْ فِي ذٰلِكَ التَّآلِيفُ مِنْ مُطَوَّلَةٍ وَمُخْتَصَرَةٍ، وَمَعَ ذٰلِكَ فَإِنَّ مَا يَتَعَلَّقُ بِهٰذِهِ الزَّاوِيَةِ مِنْ كِتَابِ اللّٰهِ -عَزَّ وَجَلَّ- لَمْ يُؤَدَّ حَقُّهُ حَتَّى يَوْمِنَا هٰذَا عَلٰى جَلَالَةِ وَعِظَمِ مَا قَامَ بِهِ الْأَوَائِلُ وَالسَّلَفُ الصَّالِحُ رَحِمَهُمُ اللّٰهُ.

وَإِنَّ (عِلْمَ الْقِرَاءَاتِ) مِنْ أَجَلِّ الْعُلُومِ الْقُرْآنِيَّةِ قَدْرًا، وَأَرْفَعِهَا مَنْزِلَةً؛ لِتَعَلُّقِهِ بِكَلَامِ رَبِّ الْعَالَمِينَ، فَإِنِ اللّٰهَ -سُبْحَانَهُ وَتَعَالىٰ- اصْطَفَى مِنْ عِبَادِهِ رِجَالًا مُخْلِصِيْنَ اهْتَمُّوا بِحِفْظِ الْقُرْآنِ الْكَرِيمِ، وَمَعْرِفَةِ أَوْجُهِهِ وَقِرَاءَاتِهِ.

وَلَقَدْ بَدَأَ (عِلْمُ الْقِرَاءَاتِ) فِي الْعَهْدِ النَّبَوِيِّ بِقَوْلِهِ ﷺ -فِيمَا أَخْرَجَهُ الْبُخَارِيُّ وَمُسْلِمٌ رَحِمَهُمَا اللّٰهُ- مِنْ حَدِيثِ ابْنِ عَبَّاسٍ -رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا-: "أَقْرَأَنِي جِبْرِيلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ عَلٰى حَرْفٍ فَرَاجَعْتُهُ فَلَمْ أَزَلْ أَسْتَزِيْدُهُ فَيَزِيْدُنِي حَتَّى انْتَهٰى إِلٰى سَبْعَةِ أَحْرُفٍ" [وَالْحَدِيْثُ بِلَفْظِ مُسْلِمٍ].

ثُمَّ تَلَقَّى هٰذَا الْعِلْمَ الْخَلَفُ عَنِ السَّلَفِ بِاللِّسَانِ وَالْقَلَمِ، وَسَارَ الْعُلَمَاءُ فِيْهِ مَا بَيْنَ تَالٍ لَهُ مُعَلِّمٌ لِقِرَاءَاتِهِ وَمُؤَلِّفٌ لِفُنُوْنِهِ وَعُلُومِهِ، حَتَّى كَثُرَتْ رِوَايَاتُ الْقِرَاءَاتِ وَالْكُتُبِ الْجَامِعَةِ لَهَا، وَقَلَّ الضَّبْطُ؛ فَقَامَ جَهَابِذَةُ عُلَمَاءِ الْأُمَّةِ بِجَمْعِ الْحُرُوْفِ وَالْقِرَاءَاتِ وَعَزْوِ الْوُجُوهِ وَالرِّوَايَاتِ، وَالتَّمْيِيزِ بَيْنَ الْمُتَوَاتِرِ وَالشَّاذِّ، وَعَلٰى رَأْسِ هٰؤُلَاءِ الْمُحَقِّقِيْنَ الْإِمَامُ ابْنُ الْجَزَرِيِّ -رَحِمَهُ اللّٰهُ-، حَيْثُ اخْتَارَ مِنْ جُمْلَةِ الْقِرَاءَاتِ مَا صَحَّ سَنَدُهُ، وَأَلَّفَ كِتَابَهُ الْعَظِيْمَ «النَّشْرُ فِي الْقِرَاءَاتِ الْعَشْرِ» جَمَعَ فِيهِ قُرَابَةَ أَلْفِ طَرِيقٍ مِنْ سَبْعَةٍ وَثَلَاثِيْنَ كِتَابًا، إِضَافَةً إِلٰى طُرُقٍ أَدَائِيَّةٍ كَثِيرَةٍ أَخَذَهَا مِنَ الْكُتُبِ الَّتِي ذَكَرَهَا فِي «النشر»، وَهِيَ حَوَالَي (تِسْعُوْنَ كِتَابًا)؛ فَصَارَ مَرْجِعًا مُعْتَمَدًا فِي عِلْمِ الْقِرَاءَاتِ، وَأَضَافَ إِلَيْهَا بَعْضَ عِلْمِ التَّجْوِيْدِ إِضَافَةً إِلٰى كَلَامِهِ الْوَقْفِ وَالْابْتِدَاءِ.

پھر اس باب میں بہت سی طویل اور مختصر کتابیں بھی تالیف کی جا چکی ہیں۔ پہلے علماء اور سلف صالحین رحمۃ اللہ علیہم نے جو کچھ بھی علمی و عملی کام کیا ہے؛ اس سب کچھ کے باوجود قرآنِ کریم کی جس قدر عظمت اور جلالت ہے اُس حساب سے آج تک اس کتابِ مقدس کی خدمت کا حق ادا نہیں کیا جاسکا۔

بلاشبہ "علم قراءات" اپنی قدر و منزلت کے اعتبار سے جملہ علومِ قرآنیہ میں سب سے عظیم علم ہے۔ اس بنا پر کہ اس کا تعلق رب العالمین کے کلام کے ساتھ ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے ہر دور میں اپنے بندوں میں سے مخلص رِجال کا انتخاب کیا ہے جو قرآن کریم کے حفظ، اس کی وجوہ اور اس کی قراءات کا اہتمام کرتے ہیں۔

"علم القراءات" کی ابتدا عہد نبوی صلی اللہ علیہ وسلم ہی میں ہو گئی تھی۔ جیسا کہ سیدنا ابن عباس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "جبرائیل علیہ السلام نے مجھے ایک حرف پر (قرآن) پڑھایا، میں نے مزید کا مطالبہ کیا اور مسلسل کرتا رہا، اور وہ میرے لیے حروف میں اضافہ کرتے گئے، یہاں تک کہ سات حرفوں تک پہنچ گئے۔" (صحیح البخاری: 4991، صحیح مسلم: 819)

پھر سلف سے خَلَف نے زبان و قلم کے ذریعے سے یہ علم حاصل کیا۔ پھر اہل علم کی طرف سے قرآن کے علوم وفنون کے میدان میں تدریس و تالیف کا سلسلہ چل پڑا۔ حتیٰ کہ قراءات کی روایات اور ان کو جمع کرنے والی کتب بکثرت ہو گئیں جبکہ ضبط کا کام قلیل ہو گیا۔ چنانچہ جید علمائے اُمت نے حروف و قراءات کو جمع کرنے، وجوہ و روایات کے انتساب کرنے اور شاذ و متواتر کو الگ الگ کرنے کا اہتمام شروع کیا۔ ان محققین کی سیادت امام ابن جزری رحمۃ اللہ علیہ جیسی نابغہ شخصیت نے فرمائی۔ انہوں نے جملہ قراءات میں سے صحیح سند والی قراءات کا انتخاب کرتے ہوئے ایک عظیم کتاب تالیف کی، جس کا نام "النَّشْرُ فِي الْقِرَاءَاتِ الْعَشْرِ" ہے۔ امام صاحب نے اس کتاب میں 37 کتابوں میں سے تقریباً ایک ہزار طریق جمع کیے ہیں۔ اداکے اعتبار سے جو طریق ہیں وہ اس پر مستزاد ہیں، جنہیں امام صاحب نے 90 کتابوں سے اخذ کیا ہے اور ان کتب کا تذکرہ "النشر" میں بھی کیا ہے۔ چنانچہ علم القراءات میں یہ کتاب ایک مستند و معتمد مرجع بن گئی ہے۔ نیز وقف وابتدا کے موضوع پر کلام کرتے ہوئے علم تجوید کا کچھ حصہ بھی شامل کیا ہے۔

فَهُوَ مِنْ أَجَلِّ الْكُتُبِ الْمُصَنَّفَةِ فِي الْقِرَاءَاتِ، بَلْ هُوَ الْعُمْدَةُ لِمُحَقِّقِي الْقُرَّاءِ الْمُتَأَخِّرِيْنَ.

ثُمَّ نَظَمَ الْإِمَامُ ابْنُ الْجَزَرِيِّ -رَحِمَهُ اللهُ-: مَنْظُومَتَهُ (طَيِّبَةَ النَّشْرِ)، وَهِيَ تَقَعُ فِي (١٠١٥) بَيْتًا، وَقَدْ ضَمَّنَهَا النَّاظِمُ خُلَاصَةَ كِتَابِهِ الْكَبِيرِ (النَّشْرُ فِي الْقِرَاءَاتِ الْعَشْرِ).

فَمَنْظُومَةُ "طَيِّبَةُ النَّشْرِ" خَاتِمَةُ الْمَنْظُومَاتِ الْمُعْتَبَرَةِ فِي هَذَا الْعِلْمِ الشَّرِيفِ، فَلَيْسَ وَرَاءَ مَا فِيهَا قِرَاءَاتٌ مُتَوَاتِرَةٌ مُتَلَقَّاةٌ بِالْقَبُولِ، بِإِجْمَاعِ مَنْ جَاءَ بَعْدَهَا مِنَ الْأَئِمَّةِ وَالْمُحَقِّقِينَ؛ وَذَلِكَ لِأَنَّ نَاظِمَهَا -الإِمَامَ ابْنَ الْجَزَرِيِّ- قَدْ أَثْبَتَ فِيهَا مَا صَحَّ مِنَ الْقِرَاءَاتِ، وَأَوْرَدَ الْمَقْبُولَ مِنْ مَنْقُولِ مَشْهُورِ الرِّوَايَاتِ.

وَلَا شَكَّ أَنَّ الشَّاطِبِيَّةَ وَالتَّيْسِيْرَ وَغَيْرَهُمَا مِنَ الْكُتُبِ وَالْمُخْتَصَرَاتِ مِمَّا كُتِبَ قَبْلَ نَظْمِ (طَيِّبَةِ النَّشْرِ) لَمْ تَأْتِي عَلَى جَمِيعِ مَا تَوَاتَرَ مِنَ الْقِرَاءَاتِ.

وَعَلَيْهِ فَإِنَّ مَا قَامَ بِهِ الْإِمَامُ الْمُحَقِّقُ ابْنُ الْجَزَرِيِّ فِي مَنْظُومَتِهِ «طَيِّبَة النَّشْر» إِنَّمَا هُوَ جَمْعٌ وَتَدْقِيقٌ وَحِفْظٌ وَتَحْرِيْرٌ لِمَا تَفَرَّقَ مِنَ الطُّرُقِ وَالرِّوَايَاتِ وَمَا صَحَّ مِنْ أَوْجُهِ الْقِرَاءَاتِ دِرَايَةً وَرِوَايَةً.

وَتُسَمَّى الْقِرَاءَاتِ مِنْ طَرِيقِهِ بِالْقِرَاءَاتِ الْعَشْرِ الْكُبْرَى؛ لِكَثْرَةِ الطُّرُقِ الْمُعْتَمَدَةِ، وَالْكُتُبِ الْمَرْوِيَّةِ الْمُحَرَّرَةِ.

وَمِنْ هُنَا فَإِنَّ هَذِهِ الْمَنْظُومَةَ تُعَدُّ مِنْ أَوْسَعِ الْمَنْظُومَاتِ فِي عِلْمِ الْقِرَاءَاتِ؛ لِمَا جَمَعَتْهُ مِنَ الطُّرُقِ وَالْوُجُوهِ وَالرِّوَايَاتِ. وَمَنْ أَرَادَ أَنْ يَجْمَعَ كُلَّ مَا صَحَّ فِي هَذَا الزَّمَانِ مِنَ الْقِرَاءَاتِ فَلَا غِنًى لَهُ عَنْ حِفْظِهَا وَالِاسْتِفَادَةِ مِنْهَا.

یہ کتاب قراءات میں لکھی جانے والی کتب میں سب سے عظیم ہے بلکہ متاخرین میں سے محقق قراء کے لیے یہ بڑی عمدہ ہے۔

پھر امام ابن جزری رحمۃ اللہ علیہ نے منظوم انداز میں "طیبة النشر" لکھی، جو 1015 اشعار پر مشتمل ہے۔ نظم نگار نے ان اشعار کے ضمن میں اپنی ضخیم کتاب "النشر في القراء ات العشر" کا خلاصہ بیان فرما دیا ہے۔

یہ منظوم کتاب اس علم میں معتبر مانے جانے والے تمام منظومات کا خاتمہ ثابت ہوئی ہے۔ اس میں بیان ہونے والی جملہ قراءات؛ متواترہ بھی ہیں اور انہیں تلقی بالقبول بھی حاصل ہے، اور بعد میں آنے والے تمام ائمہ و محققین کا ان پر اجماع بھی ہے۔ اس لیے کہ امام ابن جزری رحمۃ اللہ علیہ نے اس میں صرف ان ہی قراءات کو زینت قرطاس کیا ہے جو صحیح اور مستند تھیں اور انہوں نے مشہور روایات کو نقل کرتے ہوئے صرف مقبول ہی کو جگہ دی ہے۔

اس میں کوئی شک نہیں ہے کہ شاطبیہ، تیسیر اور ان کے علاوہ دیگر ضخیم و مختصر کتب، جو "طیبة النشر" سے پہلے لکھی جا چکی تھیں، ان میں تمام متواتر قراءات کا احاطہ نہیں کیا گیا تھا۔ مزید یہ کہ امام محقق ابن جزری رحمۃ اللہ علیہ نے طیبۃ النشر میں صرف قراءات کو جمع ہی نہیں کیا بلکہ باریک بینی سے ان کی چھان پھٹک کی ہے، متفرق طرق و روایات کی رعایت رکھتے ہوئے ان کی تحریر کا کام کیا ہے اور روایت و درایت کے اعتبار سے قراءات کی جتنی بھی صحیح وجوہ تھیں، سب کو بیان کیا ہے۔

انہوں نے اپنے طریق سے بیان ہونے والی قراءات کو معتمد طرق اور کتب مرویہ کی کثرت کی بنیاد پر "القراء ات العشر الکبریٰ" کا نام دیا ہے۔

یہ منظومہ علم القراءات میں لکھے جانے والے منظومات میں سب سے وسیع شمار ہوتا ہے، اس لیے کہ اس میں طرق، وجوہ اور قراءات کو جمع کر دیا گیا ہے۔ آج اگر کوئی شخص قراءات کی جملہ مستند چیزوں کو جمع کرنے کا ارادہ کرے تو وہ اس سے استفادہ کرنے سے مستغنی نہیں ہو سکتا۔

وَمِنْ نِتَاجِ تَوَسُّعِ الْإِمَامِ ابْنِ الْجَزَرِيِّ -رَحِمَهُ اللَّهُ- فِي مَصَادِرِهَا وَطُرُقِهَا أَنْ زَادَ فِيهَا وُجُوهاً لَمْ تَكُنْ فِي (الشَّاطِبِيَّةِ) وَلَا فِي (الدُّرَّةِ)، وَهَذِهِ الْوُجُوهُ عَلَى ضَرْبَيْنِ:

الْأَوَّلُ: وُجُوهٌ كَانَ يُقْرَأُ بِهَا لِأَحَدِ الْقُرَّاءِ أَوِ الرُّوَاةِ؛ فَنَقَلَهَا عَنْ قُرَّاءٍ أَوْ رُوَاةٍ آخَرِينَ؛ فَصَارَ هَذَا الْوَجْهُ بِاعْتِبَارِ ذَلِكَ الْقَارِئِ أَوِ الرَّاوِي وَجْهًا زَائِدًا لَهُ مِنْ طَرِيقِ طَيِّبَةِ النَّشْرِ.

الثَّانِي: وُجُوهٌ أَدَائِيَّةٌ لَمْ تُعْرَفْ فِي (الشَّاطِبِيَّةِ) وَلَا فِي (الدُّرَّةِ)، وَلَمْ يَقْرَأْ بِهَا أَحَدٌ مِنْ طَرِيقَيْهِمَا، وَهَذِهِ هِيَ الْوُجُوهُ الَّتِي انْفَرَدَتْ بِهَا (طَيِّبَةُ النَّشْرِ).

[تَوْجِيهُ مَا انْفَرَدَتْ بِهِ طَيِّبَةُ النَّشْرِ: ص103]

وَحَرِيٌّ بِطَالِبِ عِلْمِ الْقِرَاءَاتِ الْقُرْآنِيَّةِ أَنْ يَعْتَنِيَ بِحِفْظِ هَذِهِ الْمَنْظُومَةِ بَعْدَ حِفْظِهِ لِمَتْنِ الشَّاطِبِيَّةِ، فَيَبْدَأُ بِحِفْظِ الشَّاطِبِيَّةِ؛ لِأَنَّهُ كَالْأَصْلِ لِمَتْنِ الطَّيِّبَةِ، ثُمَّ يَحْفَظُ مَتْنَ الطَّيِّبَةِ.

أَمَّا كَيْفِيَّةُ حِفْظِ هَذَا الْمَتْنِ، فَعَلَيْكَ أَنْ تَجْمَعَ بَيْنَ فَهْمِهِ وَحِفْظِهِ؛ لِيَسْهُلَ عَلَيْكَ حِفْظُهُ فَتَحْرِصُ عَلَى قِرَاءَةِ شَرْحِ الْأَبْيَاتِ أَوْ سَمَاعِ الشَّرْحِ مِنْ أَحَدِ الشُّرُوحِ الْمُعَاصِرَةِ ثُمَّ تَحْفَظُ بَعْدَ فَهْمِ الْأَبْيَاتِ، وَتُحَدِّدُ كُلَّ يَوْمٍ مِقْدَارًا بِحَسَبِ قُدْرَتِكَ وَفَرَاغِكَ.

وَالْفَرْقُ بَيْنَ الْقِرَاءَاتِ الْعَشْرِ الصُّغْرَى وَالْكُبْرَى:

مَنْ قَرَأَ بِطَرِيقِ «الشَّاطِبِيَّةِ» لِلْأَئِمَّةِ السَّبْعَةِ وَبِطَرِيقِ «الدُّرَّةِ» لِلْأَئِمَّةِ الثَّلَاثَةِ؛ فَيَكُونُ قَدْ قَرَأَ بِالْقِرَاءَاتِ الْعَشْرِ الصُّغْرَى، لِأَنَّ فِي (الشَّاطِبِيَّةِ وَالدُّرَّةِ) لِكُلِّ قَارِئٍ رَاوِيَانِ، وَلِكُلِّ رَاوٍ طَرِيقٌ وَاحِدٌ، إِلَّا إِدْرِيسَ عَنْ خَلَفٍ فَلَهُ مِنَ «الدُّرَّةِ» طَرِيقَانِ؛ فَمَجْمُوعُ مَا فِيهِمَا مِنَ الطُّرُقِ وَاحِدٌ وَعِشْرُونَ طَرِيقًا.

امام صاحب کا منظومہ کے مصادر اور مراجع کو اس قدر وسعت دینے کا نتیجہ یہ نکلا کہ اس میں ایسی وجوہ کا اضافہ ہو گیا جو شاطبیہ اور دُرّہ میں نہیں تھیں۔ ان وجوہ کی دو قسمیں ہیں:

① ایسی وجہ جو شاطبیہ اور دُرّہ میں کسی قاری یا راوی کے لیے موجود ہے، لیکن طیبہ میں وہ وجہ کسی اور قاری یا راوی کے لیے بھی ہے، تو یہ وجہ زیادات طیبہ میں شمار ہو گی۔

② ایسی وجہ جو شاطبیہ اور دُرّہ میں کسی قاری یا راوی سے مروی نہیں، اور نہ ہی ان دونوں کے طریق سے کسی نے اس وجہ کو پڑھا ہے۔ بلکہ وہ وجہ صرف طیبۃ النشر میں بیان ہوئی ہے۔ لہٰذا ایسی وجہ زیادات طیبہ کہلائے گی۔

قراءاتِ قرآنیہ کے طالب علم کے لیے ضروری ہے کہ وہ شاطبیہ کا متن حفظ کر لینے کے بعد اس منظومہ کو بھی یاد کرے۔ البتہ ابتدا شاطبیہ کے حفظ سے ہی کرے کیونکہ وہ طیبہ کے متن کے لیے بنیاد کی حیثیت رکھتی ہے، اس کے بعد وہ طیبہ کا متن حفظ کرے۔

اس متن کو حفظ کرنے کے سلسلے میں اس بات کا خیال رکھا جائے کہ اس کو حفظ کرنا اور سمجھنا ایک ساتھ ہی ہو۔ جب آپ سمجھ کر پڑھیں گے تو اس کو حفظ کرنا آسان رہے گا۔ لہٰذا پہلے آپ اشعار کی تشریح کو پڑھنے کی کوشش کریں یا پھر اس کی موجودہ شروحات میں سے کسی شرح کا سماع کر لیں، اشعار کو اچھی طرح سمجھ لینے کے بعد حفظ کرنا شروع کریں اور اپنی ذہنی صلاحیت اور فراغت کے حساب سے روزانہ کی مقدار مقرر کریں اور اتنے اشعار یاد کرنا شروع کر دیں۔

قراءاتِ عشرہ صغریٰ اور کبریٰ میں فرق:

جو شاطبیہ کے طریق سے ائمہ سبعہ کی قراءات اور دُرّہ کے طریق سے ائمہ ثلاثہ کی قراءات پڑھتا ہے، تو سمجھیں کہ اس نے قراءاتِ عشرہ صغریٰ پڑھ لی۔ اس لیے کہ شاطبیہ اور دُرّہ میں ہر قاری کے دو راوی ہوتے ہیں اور ہر راوی کا ایک طریق ہوتا ہے، سوائے ادریس عن خلف کے، دُرّہ سے ان کے دو طریق ہیں۔ چنانچہ ان دونوں میں مجموعی طرق کی تعداد 21 بن جاتی ہے۔

أَمَّا مَنْ قَرَأَ بِطَرِيقِ «طَيِّبَةِ النَّشْرِ»، الَّتِي لَخَّصَ فِيهَا الْإِمَامُ ابْنُ الْجَزَرِيِّ كِتَابَهُ «النَّشْرِ فِي الْقِرَاءَاتِ الْعَشْرِ»؛ فَإِنَّهُ قَدْ قَرَأَ بِالْعَشْرِ الْكُبْرَى؛ لِأَنَّ فِي «الطَّيِّبَةِ» لِلرُّوَاةِ الْعِشْرِيْنَ عَنِ الْأَئِمَّةِ الْعَشَرَةِ ثَمَانُونَ طَرِيقًا، ثُمَّ تَتَشَعَّبُ هَذِهِ الثَّمَانُونَ إِلٰى تِسْعِمِائَةٍ وَثَمَانِينَ طَرِيْقًا.

وَمَا زَالَ الْكُتَّابُ إِلٰى يَوْمِنَا هَذَا فِي التَّقْرِيبِ وَالتَّسْهِيلِ وَالتَّحْرِيرِ لِهَذِهِ الْقِرَاءَاتِ الْعَشْرِ الْكُبْرَى.

وَقَدْ قَرَأَ عَلَيَّ وَلَدِي النَّجِيبُ: (عُوَيْمِر إِبْرَاهِيْم) الْحَافِظُ الْقَارِئُ المقرئُ -الَّذِيْ سَمَّيْتُه بِهٰذَا الاِسْمِ تَفَاؤُلًا بِاسْمِ سَيِّدِنَا أَبِي الدَّرْدَاءِ عُوَيْمِر بْنِ مَالِكٍ الْخَزْرَجِيِّ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ- عِدَّةَ خَتَمَاتٍ مِنَ الْقِرَاءَاتِ وَالرِّوَايَاتِ عَنْ (ظَهْرِ قَلْبٍ)، اقْتِصَارًا عَلٰى بَعْضِ الْوُجُوْهِ مِنْ طَرِيْقِ طَيِّبَةِ النَّشْرِ بِالتَّحْرِيرَاتِ عَلٰى وِفْقِ مَا وَرَدَتْ فِيْ كِتَابِ (فَرِيْدَةِ الدَّهرِ)، وَهٰذِهِ الْخَتَمَاتُ هِيَ:

اَلْأُوْلٰى: بِرِوَايَةِ وَرْشٍ عَنْ نَافِعٍ الْمَدَنِيِّ مِنْ طَرِيْقِ الْأَزْرَقِ -فِيْ مُدَّةِ ثَلَاثَةِ أَشْهُرٍ وَأَحَدَ عَشَرَ يَوْمًا-

اَلثَّانِيَةُ: بِرِوَايَةِ ابْنِ وَرْدَان عَنْ أَبِيْ جَعْفَرٍ الْمَدَنِيِّ -فِيْ مُدَّةِ شَهْرٍ وَتِسْعَةِ أَيَّامٍ-

اَلثَّالِثَةُ: بِرِوَايَةِ رُوَيْسٍ عَنْ يَعْقُوبَ الْحَضْرَمِيِّ -فِيْ مُدَّةِ تِسْعٍ وَعِشْرِيْنَ يَوْمًا-

اَلرَّابِعَةُ: بِقِرَاءَةِ أَبِيْ عَمْرٍو الْبَصْرِيِّ مِنْ رِوَايَتَيِ الدُّوْرِيِّ وَالسُّوْسِيِّ -فِيْ مُدَّةِ سَبْعٍ وَعِشْرِيْنَ يَوْمًا-

اَلْخَامِسَةُ: بِرِوَايَةِ الدُّوْرِيِّ عَنِ الْكِسَائِيِّ الْكُوْفِيِّ -فِيْ مُدَّةِ ثَمَانِيَةٍ وَعِشْرِيْنَ يَوْمًا-

اَلسَّادِسَةُ: بِرِوَايَةِ وَرْشٍ عَنْ نَافِعٍ الْمَدَنِيِّ مِنْ طَرِيْقِ الْأَصْبَهانِيِّ -فِيْ مُدَّةِ أَرْبَعٍ وَعِشْرِيْنَ يَوْمًا-

اور جس نے طیبۃ النّشر کے طریق سے قراءات پڑھیں، تو اس نے قراءات عشرہ کبریٰ پڑھ لیں۔ اس لیے کہ طیبہ میں دس ائمہ کے بیس راویوں کے 80 طریق ہیں۔ پھر یہ 80 طریق 980 طریق تک پھیل جاتے ہیں۔

اس فن کے مؤلفین آج تک قراءاتِ عشرہ کبریٰ کی تقریب، تسہیل اور تحریر میں قلم کاری کر رہے ہیں۔

میرے فرزند ارجمند عویمر ابراہیم حفظہ اللہ جو کہ حافظ ہیں، قاری ہیں اور قراءت کے اُستاذ بھی ہیں، جن کا نام میں نے سیدنا ابو الدرداء عویمر بن مالک خزرجی رضی اللہ عنہ کی نسبت سے رکھا ہے، نے مجھے متعدد بار قراءات وروایات میں طیبۃ النشر کے طریق سے بعض وجوہ پر انحصار کرتے ہوئے ان تحریرات کے مطابق جو کتاب (فَرِیْدَۃِ الدَّھرِ) میں بیان ہوئی ہیں؛ مجھے زبانی قرآنِ کریم سنایا۔ ان ختمات کی تفصیل یہ ہے:

- پہلی مرتبہ بِرِوَایَةِ وَرْشٍ عَنْ نَافِعٍ الْمَدَنِيِّ مِنْ طَرِيْقِ الْأَزْرَقِ میں قرآن سنایا، جس کی مدت تین ماہ اور 11 دن تھی۔
- دوسری مرتبہ بِرِوَایَةِ ابْنِ وَرْدَان عَنْ أَبِيْ جَعْفَرٍ الْمَدَنِيِّ میں قرآن سنایا، جو ایک ماہ اور 9 دن میں مکمل کیا۔
- تیسری مرتبہ بِرِوَایَةِ رُوَیْسٍ عَنْ يَعْقُوبَ الْحَضْرَمِيِّ میں قرآن سنایا، جس کی مدت 29 دن تھی۔
- چوتھی مرتبہ بِقِرَاءَةِ أَبِيْ عَمْرٍو الْبَصْرِيِّ مِنْ رِوَايَتَيِ الدُّوْرِيِّ وَالسُّوْسِيِّ میں قرآن سنایا، جو انہوں نے 27 دن میں مکمل کر لیا تھا۔
- پانچویں مرتبہ بِرِوَايَةِ الدُّوْرِيِّ عَنِ الْكِسَائِيِّ الْكُوْفِيِّ میں قرآن سنایا، جس کی مدتِ تکمیل 28 دن تھی۔
- چھٹی مرتبہ بِرِوَايَةِ وَرْشٍ عَنْ نَافِعٍ الْمَدَنِيِّ مِنَ طَرِيْقِ الْأَصْبَهانِيِّ میں قرآن سنایا، جو صرف 14 دن میں مکمل کر لیا۔

اَلسَّابِعَةُ: بِرِوَايَةِ ابْنِ ذَكْوَانَ عَنِ ابْنِ عَامِرٍ الشَّامِيِّ -فِيْ مُدَّةِ سِتَّةَ عَشَرَ يَوْمًا-

اَلثَّامِنَةُ: بِرِوَايَةِ خَلَفٍ عَنْ حَمْزَةَ الْكُوْفِيِّ -فِيْ مُدَّةِ أَرْبَعَةَ عَشَرَ يَوْمًا-

اَلتَّاسِعَةُ: بِقِرَاءَةِ ابْنِ كَثِيْرٍ الْمَكِّيِّ مِنْ رِوَايَتَي الْبَزِّيِّ وَقُنْبُلٍ -فِيْ مُدَّةِ خَمْسَةَ عَشَرَ يَوْمًا-

اَلْعَاشِرَةُ: بِقِرَاءَةِ عَاصِمٍ الْكُوْفِيِّ مِنْ رِوَايَتَيْ شُعْبَةَ وَحَفْصٍ -فِيْ مُدَّةِ أَرْبَعٍ وَعِشْرِيْنَ يَوْمًا-

فَاللّٰهُمَّ تَقَبَّلْ مِنَّا، وَتُبْ عَلَيْنَا وَاغْفِرْلَنَا كُلَّ زَلَلٍ، أَوْ خَطَإٍ، أَوْ سَهْوٍ، أَوْ تَقْصِيْرٍ بِكَرَمِكَ وَجُوْدِكَ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْإِكْرَامِ، كَمَا أَسْأَلُ اللهَ الْمَنَّانَ بَدِيْعَ السَّمٰوَاتِ وَالْأَرْضِ أَنْ يَرْزُقَنِي وَإِيَّاهُ الْإِخْلَاصَ، وَأَنْ يُثَبِّتَنَا عَلَيْهِ حَتّٰى نَلْقَاهُ، وَأَنْ يَجْعَلَنِيْ وَإِيَّاهُ مِنْ أَهْلِ الْقُرْآنِ الَّذِيْنَ هُمْ أَهْلُهُ وَخَاصَّتُهُ.

وَكَتَبْتُ لَهُ [وَثِيْقَةً بِعِدَّةِ الْقِرَاءَاتِ وَالرِّوَايَاتِ مِنْ طَرِيقِ طَيِّبَةِ النَّشْرِ]، وَلَمْ أَكْتُبْ لَهُ [الإجازَةَ بِذٰلِكَ] لِأَنَّنِي لَسْتُ أَهْلًا لِذٰلِكَ.

وَقَدْ أَخْبَرْتُهُ أَنِّي قَرَأْتُ الْقُرْآنَ الْكَرِيمَ مِنْ أَوَّلِهِ إِلٰى آخِرِ سُورَةِ الْأَنْعَامِ بِجَمْعِ الْقِرَاءَاتِ الْعَشْرِ الْكُبْرٰى بِمُضْمَنِ «طَيِّبَةِ النَّشْرِ»، وَوَفْقَ تَحْرِيْرَاتِ الْعَلَّامَةِ أَحْمَد عَبْدِالْعَزِيْزِ الزَّيَّات: عَلَى الشَّيْخِ الْفَاضِلِ الْمُحَقِّقِ عَبْدِالرَّازِق عَلِي إِبْرَاهِيم مُوسٰى الْمُقْرِئ الشَّافِعِيِّ مِنْ عُلَمَاءِ الأَزْهَرِ الشَّرِيف -طَيَّبَ اللّٰهُ ثَرَاهُ وَجَعَلَ الْجَنَّةَ مَثْوَاهُ- ثُمَّ تَوَقَّفْتُ عَنِ الْقِرَاءَةِ بِسَبَبِ انْتِهَاءِ إِقَامَتِي فِي الْمَدِيْنَةِ الْمُنَوَّرَةِ، وَحَاوَلْتُ مُحَاوَلَةً شَدِيْدَةً لِتَمْدِيْدِ الْإِقَامَةِ لِأُكْمِلَ الْخَتْمَةَ الْمُبَارَكَةَ، وَلٰكِنْ -مَعَ الْأَسَفِ الشَّدِيْدِ- لَمْ يَتَيَسَّرْ لِي فَـ ﴿إِنَّا لِلَّهِ وَإِنَّآ إِلَيْهِ رَاجِعُونَ﴾ و ﴿إِنَّمَآ أَشْكُواْ بَثِّي وَحُزْنِيٓ إِلَى ٱللَّهِ﴾

وَطَلَبْتُ مِنْ أُسْتَاذِي الْكَرِيْمِ أَنْ يَكْتُبَ لِي (وَثِيْقَةً بِمَا قَرَأْتُ عَلَيْهِ) فَأَسْعَدَنِي بِذٰلِكَ -جَزَاهُ اللّٰهُ أَحْسَنَ الْجَزَاءِ-

- ساتویں مرتبہ بِرِوَايَةِ ابْنِ ذَكْوَانَ عَنِ ابْنِ عَامِرٍ الشَّامِيِّ میں قرآن سنایا، جو 16 دن میں مکمل کرلیا تھا۔
- آٹھویں مرتبہ بِرِوَايَةِ خَلَفٍ عَنْ حَمْزَةَ الْكُوْفِيِّ میں قرآن سنایا اور یہ بھی صرف 14 دن میں مکمل کرلیا تھا۔
- نویں مرتبہ بِقِرَاءَةِ ابْنِ كَثِيْرٍ الْمَكِّيِّ مِنْ رِوَايَتَي الْبَزِّيِّ وَقُنْبُلٍ میں قرآن سنایا، جس کی تکمیل 15 دن میں ہوئی۔
- دسویں مرتبہ بِقِرَاءَةِ عَاصِمٍ الْكُوْفِيِّ مِنْ رِوَايَتَيْ شُعْبَةَ وَحَفْصٍ میں قرآن سنایا، جس کی مدتِ تکمیل 24 دن تھی۔

اے اللہ! ہم سے قبول کرلے اور ہم پر رجوع فرما۔ اے جلال واکرام والی ذات! اپنے فضل وکرم سے ہماری ہر لغزش، خطا، سہو اور کوتاہی کو معاف کردے۔ بارگاہِ الٰہی میں میری التجا ہے کہ وہ مجھے اور مؤلف کو اخلاص عطا فرمائے اور ہمیں تاحیات خدمتِ قرآن پر قائم رکھے، نیز مجھے اور میرے بیٹے کو ان اہلِ قرآن میں شامل فرمالے جنہیں اللہ تعالیٰ نے اپنے "اہل" اور "خاص" لوگ ہونے کا اعزاز بخشا ہے۔

میں نے قاری عویمر حفظہ اللہ کے لیے طیبة النشر کے طریق سے چند قراءات وروایات پڑھنے کا توثیق نامہ لکھ دیا ہے، البتہ میں انہیں "اجازہ" لکھ کر نہیں دے رہا، کیونکہ میں اس کا اہل نہیں ہوں۔

کیونکہ میں نے قرآن مجید شروع سے لے کر سورۂ انعام کے آخر تک طیبة النشر کو مدنظر رکھتے ہوئے علامہ احمد عبد العزیز زیات کی تحریرات کے موافق شیخ فاضل محقق عبد الرزاق علی ابراہیم موسیٰ مقرئ الشافعی (جو علمائے ازہر میں سے تھے) کو قراءات عشرہ کبریٰ میں قرآن کریم پڑھ کر سنایا تھا۔ اللہ تعالیٰ انہیں غریق رحمت کرے اور جنت میں ان کا ٹھکانہ بنائے۔ پھر مدینہ منورہ میں مدتِ قیام ختم ہونے کی وجہ سے میں باقی قرآن مجید مکمل نہ کرسکا اور میں نے بھرپور کوشش کی کہ کسی طرح دوبارہ وہاں اقامت کا کوئی سبب بن جائے تاکہ میں قرآنِ کریم مکمل کرلوں، مگر بصد افسوس کہ ایسا نہ ہوسکا!

میں نے اپنے استادِ مکرم سے گزارش کی کہ میں نے قراءات میں جتنا قرآن ان کو سنایا ہے، اس کا توثیق نامہ لکھ دیں، تو انہوں نے مجھے یہ سعادت بخش دی۔ جزاه الله أحسن الجزاء.

فَكَتَبَ لِي الشَّيْخُ الْفَاضِلُ –عَلَيْهِ سَحَائِبُ الرَّحْمَةِ وَالرِّضْوَانِ -: "فَلْيَعْلَمِ الْوَاقِفُ عَلَيْهِ: أَنَّ الشَّيْخَ الْقَارِئَ مُحَمَّد إِبْرَاهِيم بِنْ الْحَافِظ مُحَمَّد عَبْدِاللهِ، الْمُتَخَرِّجَ فِي كُلِّيَّةِ الْقُرْآنِ الْكَرِيْمِ سَنَةَ (١٤٠٤هـ)، وَالْحَاصِلَ عَلَى دَرَجَةِ "الْمَاجِسْتِيْر" مِنْ شُعْبَةِ التَّفْسِيْرِ وَعُلُومِ الْقُرْآنِ بِالدِّرَاسَاتِ الْعُلْيَا بِالْجَامِعَةِ الإِسْلَامِيَةِ بِالْمَدِيْنَةِ الْمُنَوَّرَة سَنَةَ (١٤٠٩هـ) -فَتَحَ اللهُ عَلَيْهِ آمِيْن- قَدْ حَضَرَ إِلَيَّ يَوْمَ الْخَمِيْس (٢٣/٥/١٤١٠هـ)، وَقَرَأَ عَلَيَّ الْقُرْآنَ الْكَرِيمَ مِنْ أَوَّلِهِ إِلَى آخِرِ سُورَةِ الْأَنْعَامِ بِالْقِرَاءَاتِ الْعَشْرِ الْكُبْرَىٰ مِنْ طَرِيْقِ «الطَّيِّبَةِ» بِالتَّحْرِيْرِ وَالْإِتْقَانِ وَالتَّجْوِيْدِ وَالْإِحْسَانِ، وَأَتَمَّ هَذَا الْقَدْرَ بِعَوْنِ اللهِ وَعِنَايَتِهِ فِي يَوْمِ السَّبْتِ (٢٤/١٠/١٤١٠هـ)، ثُمَّ تَوَقَّفَ عَنِ الْقِرَاءَةِ بِسَبَبِ انْتِهَاءِ إِقَامَتِهِ فِي الْمَدِيْنَةِ الْمُنَوَّرَةِ. وَنَسْأَلُ اللهَ -عَزَّ وَجَلَّ- أَنْ يَجْمَعَنَا بِهِ عَلَىٰ خَيْرٍ لِيُتِمَّ هَذِهِ الْخَتْمَةَ الْمُبَارَكَةَ، أَوْ يَرْزُقَهُ اللهُ بِمَنْ يَقْرَأُ عَلَيْهِ الْقُرْآنَ الْكَرِيْمَ كُلَّهُ مِنْ طَرِيْقِ الطَّيِّبَةِ... هَذَا... وَقَدْ تَبَيَّنَ لِي مِنْ حَالِ الشَّيْخِ الْمَذْكُورِ أَثْنَاءَ قِرَاءَتِهِ أَنَّهُ بَلَغَ فِي مَعْرِفَةِ طُرُقِ الْقُرَّاءِ وَتَحْرِيْرَاتِ الْمُحَرِّرِيْنَ مَا يُبَشِّرُ بِأَنَّهُ سَيَكُونُ -إِنْ شَاءَ اللهُ تَعَالَىٰ- مِنَ الْقُرَّاءِ الْمَشْهُودِ لَهُمْ بِالْإِتْقَانِ فِي هَذَا الْفَنِّ، لِذَا أَدْعُو اللهَ -عَزَّ وَجَلَّ- لَهُ أَنْ يُوَفِّقَهُ لِإِتْمَامِ هَذِهِ الْقِرَاءَاتِ، وَأَنْ يُيَسِّرَ لَهُ أَمْرَهُ، وَأَنْ يُوَفِّقَهُ لِكُلِّ خَيْرٍ..." اهـ

ثُمَّ إِنَّ الْقَارِئَ عُوَيْمِر -حَفِظَهُ اللهُ وَسَدَّدَ خُطَاهُ- كَتَبَ هَذَا الْكِتَابَ وَرَسَمَ هَذِهِ (الْجَدَاوِلَ الْمُخْتَصَرَةَ فِي أُصُولِ الْقُرَّاءِ الْعَشَرَةِ مِنْ طَرِيْقِ الطَّيِّبَةِ) عَلَىٰ وَفْقِ تَحْرِيرَاتِ الْمُتَوَلِّي وَالزَّيَّاتِ -رَحِمَهُمَا اللهُ-، وَذَلِكَ هَدِيَّةً لِطُلَّابِ (كُلِّيَّاتِ الْقُرْآنِ الْكَرِيْمِ بِبَاكِسْتَان)؛ فَوَضَعَ لَهُمْ هٰذَا الْكِتَابَ، سَهْلَ الْمَأْخَذِ، قَرِيْبَ التَّنَاوُلِ، وَاضِحَ الْأُسْلُوْبِ، فَالْحَمْدُ لِلّٰهِ تَعَالَىٰ أَوَّلًا وَآخِرًا، أَجَلَّ الْحَمْدِ وَأَوْفَاهُ عَلَىٰ مَا وَفَّقَهُ لَهُ وَأَوْلَاهُ.

فاضل شیخ نے مجھے ان الفاظ میں توثیق نامہ لکھ کر دیا:

"الشیخ القاری محمد ابراہیم بن حافظ محمد عبد اللہ، جو کہ کلیۃ القرآن الکریم سے سن 1404 ہجری میں متخرج ہوئے ہیں اور انہوں نے سن 1409 ہجری میں مدینہ یونیورسٹی کے دراساتِ عُلیا (Graduate Studies) کے شعبہ تفسیر وعلوم قرآن سے ماجستیر کی سند حاصل کی ہے۔ فتح اللہ علیہ آمین. یہ 23 جمادی الاولی 1410ھ بروز جمعرات میرے پاس تشریف لائے اور مجھے شروع سے لے کر سورۃ انعام کے آخر تک طیبہ کے طریق سے قراءاتِ عشرہ کبریٰ میں تحریر و اِتقان اور تجوید و احسان کے ساتھ قرآن کریم سنانا شروع کیا، اور اللہ کی مدد اور عنایت سے 24 شوال 1410ھ بروز ہفتہ تک انہوں نے یہ حصہ مکمل کیا۔ پھر مدینہ منورہ میں مدتِ اقامت ختم ہونے کی بنا پر انہیں آگے پڑھنے کا سلسلہ روکنا پڑا۔ اللہ تعالیٰ سے میری دعا ہے کہ وہ ہمیں خیر کے کام پر اکٹھا کرے، تاکہ یہ مبارک عمل مکمل کر سکیں، یا اللہ تعالیٰ انہیں ایسا استاذ عطا فرمادے جن کو یہ طیبہ کے طریق سے مکمل قرآن سنا سکیں۔ ان کے قرآن سنانے کے دوران مجھے اندازہ ہوا کہ قراء کے طرق اور تحریرات کی معرفت کے حوالے سے یہ اس مقام تک پہنچ چکے ہیں جس سے یہ مسرت آمیز توقع ہے کہ یہ اس فن کے نابغہ روزگار قراء میں شمار ہوں گے، ان شاء اللہ۔ اس لیے اللہ سے میری دعا ہے کہ وہ ان کو یہ قراءات مکمل کرنے کی توفیق دے، ان کے معاملات کو آسان فرمائے اور انہیں خیر کے ہر کام کی توفیق بخشے۔"

شیخ مکرّم کا یہ توثیق نامہ میں اپنے لیے سعادت سمجھتا ہوں!

قاری عویمر حفظہ اللہ نے یہ کتاب الجداول المحررة فی أصول القراء العشرة من طريق طيبة النشر الشیخ متولّی اور الشیخ زیّات کی تحریرات کی موافقت کرتے ہوئے مرتب کی ہے۔ پاکستان کے تمام کلیّات القرآن الکریم کے طلبہ کے لیے یہ تحفہ ہے۔ مؤلف نے ان طلبہ ہی کے لیے یہ کتاب تیار کی ہے، اختصار و جامعیت کا مرقع، سمجھنے میں نہایت سہل اور اس کا اسلوب بہت واضح ہے فَالْحَمْدُ لِلّٰهِ تَعَالَىٰ أَوَّلًا وَآخِرًا، أَجَلَّ الْحَمْدِ وَأَوْفَاهُ عَلَىٰ مَا وَفَّقَهُ لَهُ وَأَوْلَاهُ.

وَقَدْ رَاجَعَ هَذَا الْكِتَابَ، وَحَقَّقَهُ، وَهَذَّبَهُ: الْمُحَقِّقُ الْمُدَقِّقُ الْمُحَرِّرُ، فَضِيْلَةُ الشَّيْخِ عَمْرُو بْنُ عَبْدِاللَّهِ الْحُلْوَانِيّ الْمِصْرِيّ -حَفِظَهُ اللهُ تَعَالَى وَرَعَاهُ وَزَادَهُ عِلْمًا وَعَمَلًا وَعِزًّا وَشَرَفًا-؛ فَقَدْ وَضَعَ فِيْهِ جُهُوْدَهُ، وَبَرَزَتْ فِيْهِ بَصَمَاتُهُ، حَتَّى صَارَ الْكِتَابُ -بِحَمْدَ اللهِ- جَنًى دَانِيًا، وَكِتَابًا عِلْمِيًّا كَامِلًا، بِبَيَانٍ وَاضِحٍ، وَتَحْقِيْقٍ دَقِيْقٍ، وَأُسْلُوْبٍ مَتِيْنٍ.

أَسْأَلُ اللهَ تَعَالَى أَنْ يُجْزَلَ لَهُ الْعَطَاءَ، وَيَشْمَلَهُ وَذُرِّيَّتَهُ بِالرِّعَايَةِ وَالْحِفْظِ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ، كَمَا أَسْأَلُ اللهَ -عَزَّ وَجَلَّ- أَنْ يَّجْزِيَ الْمُؤَلِّفَ وَالشَّيْخَ الْفَاضِلَ خَيْرَ الْجَزَاءِ، وَأَنْ يَّنْفَعَهُمَا وَيَنْفَعَ بِهِمَا، وَأَنْ يَنْفَعَنَا جَمِيْعًا بِهَذَا الْقُرْآنِ الْعَظِيْمِ، وَأَنْ يَغْفِرَ لَنَا وَلِجَمِيْعِ مَشَايِخِنَا وَعُلَمَاءِنَا وَأَصْحَابِ الْفَضْلِ عَلَيْنَا. إِنَّهُ تَعَالَى قَرِيْبٌ مُّجِيْبٌ.

وَآخِرُ دَعْوَانَا أَنِ الْحَمْدُ للهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ وَصَلَّى اللهُ وَسَلَّمَ وَبَارَكَ عَلَى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَعَلَى آلِهِ وَصَحْبِهِ أَجْمَعِيْنَ، وَمَنْ تَبِعَهُمْ بِإِحْسَانٍ إِلَى يَوْمِ الدِّيْنِ -آمِيْنَ إِلَى الْحَقِّ آمِيْنَ-

كَتَبَه

الفقير إلى ربه

أبو عويمر محمد إبراهيم مير محمدي

غَفَرَ اللهُ لَهُ وَلِوَالِدَيْهِ وَالأَسَاتِذَتِهِ

30/10/2022

فضیلۃ الشیخ عمرو بن عبد اللہ حلوانی مصری حفظہ اللہ نے اس کتاب کا مراجعہ کیا اور اس کی تحقیق وتہذیب کا عمل سرانجام دیا۔ زادہ اللہ عِلماً وعملاً وعِزًّا وشرفاً۔ انہوں نے اس کتاب کی تیاری میں بہت محنت کی اور بحمد اللہ ان ہی کی دلچسپی اور وفورِ شوق سے یہ پر لطف دستاویز اور مکمل علمی کتاب واضح بیان، دقیق تحقیق اور متین اسلوب کے ساتھ معرض وجود میں آسکی ہے۔

میں اللہ تعالیٰ سے دعا گو ہوں کہ وہ شیخ مکرم کو اپنی عنایات کی فراوانی سے نوازے اور ان کے ساتھ ساتھ ان کی اولاد کو بھی دنیا و آخرت میں اپنی حفظ وامان میں رکھے۔ اسی طرح مؤلف کے لیے بھی دعا ہے کہ ربِ کریم انہیں بہترین جزا سے نوازے۔ ان دونوں کو نفع عطا فرمائے اور ان کی ذات کو دوسروں کے لیے نفع بخش دینا۔ نیز ہم سب کو قرآنِ کریم سے فائدہ اٹھانے کی توفیق دے اور ہم سب کی، ہمارے مشائخ وعلماء کی اور جملہ اصحابِ فضل کی مغفرت فرمائے۔ إنه تعالىٰ قريبٌ مجيبٌ۔

وَآخِرُ دَعْوَانَا أَنِ الْحَمْدُ للهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ وَصَلَّى اللهُ وَسَلَّمَ وَبَارَكَ عَلَى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَعَلَى آلِهِ وَصَحْبِهِ أَجْمَعِيْنَ، وَمَنْ تَبِعَهُمْ بِإِحْسَانٍ إِلَى يَوْمِ الدِّيْنِ -آمِيْنَ إِلَى الْحَقِّ آمِيْنَ-

① تقریظ

(قاری صہیب احمد میر محمدی حفظہ اللہ)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی أَشْرَفِ الْأَنْبِیَاءِ وَالْمُرْسَلِیْنَ أَمَّا بَعْدُ!

قرآن مجید جہاں اللہ تعالیٰ کی حقیقی کلام ہے وہاں ایک عظیم نعمت ہے، بلکہ جو شخص اپنی وابستگی اس کلام مبارک کے ساتھ کسی زاویے میں مضبوط و مربوط بنالیتا ہے اللہ تعالیٰ اس کو بھی دنیا کیلئے نعمت بنا دیتا ہے، وہ شخص صرف نعمت ہی نہیں بلکہ دنیا و جہان سے افضل اور قابل رشک بن جاتا ہے جیسا کہ

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

«لَا حَسَدَ إِلَّا فِي اثْنَتَيْنِ رَجُلٌ آتَاهُ اللهُ الْقُرْآنَ فَهُوَ يَقُومُ بِهِ آنَاءَ اللَّيْلِ وَآنَاءَ النَّهَارِ (فَهُوَ يَقُوْلُ لَوْ أُوْتِيْتُ مِثْلَ مَا أُوْتِيَ هٰذَا لَفَعَلْتُ كَمَا يَفْعَلُ(ب)) وَرَجُلٌ آتَاهُ اللهُ مَالًا فَهُوَ يُنْفِقُهُ آنَاءَ اللَّيْلِ وَآنَاءَ النَّهَارِ (فَيَقُوْلُ لَوْ أُوْتِيْتُ مِثْلَ مَا أُوْتِيَ عَمِلْتُ فِيْهِ مِثْلَ مَا يَعْمَلُ.» (ب) صحيح بخاری:7528، وصحيح مسلم:1891

”صرف دو خصلتوں پر رشک کرنا جائز ہے، ایک اس آدمی (کی خصلت) پر جسے اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید عطا فرمایا، پس وہ رات کی گھڑیوں میں قیام کرتا ہے اور دن اور رات اسے پڑھتا ہے اور رشک کرنے والا کہے کہ اگر میرے پاس بھی یہ نعمت ہو تو میں بھی ایسا ہی عمل کروں۔ اور دوسرا وہ آدمی، جسے اللہ تعالیٰ نے مال عطا فرمایا، پس وہ اسے رات اور دن کی گھڑیوں میں خرچ کرتا ہے۔ اور رشک کرنے والا کہے کہ اگر میرے پاس بھی یہ نعمت ہو تو میں بھی ایسا ہی عمل کروں۔

سلف و صالحین میں سے متعدد ایسے نام ملتے ہیں جنہوں نے قرآن مجید کی خدمت اور اس کے علوم کی خدمت کو اپنی زندگی کا تھیم (Theme) بنایا، تو اللہ تعالیٰ نے انہیں مرجع خلائق بھی بنایا اور عز و شرف سے بھی نوازا۔ ایسی ہی بے لوث اور بے نظیر شخصیت ہمارے مربی استاد مکرم اخی الحبیب فضیلۃ الشیخ قاری محمد ابراہیم میر محمدی صاحب حفظہ اللہ جن کی زندگی قرآن مجید کی محبت اور اس کی خدمت کا استعارہ ہے جن کے ہاتھوں دسیوں بے مثال ہیرے تراشے گئے اور سچ کہا گیا ہے:

”الشَّجَرَةُ تُعْرَفُ بِثِمَارِهَا“ درخت کی قیمت اس کے پھل سے ہوتی ہے۔

اس شجرہ مثمرہ کا ایک خوشہ ابنی العزیز قاری عویمر ابراہیم میر محمدی ہیں جس کے ساتھ علم قراءات کی بڑی امیدیں وابستہ ہیں جس نے آنکھ کھولی تو معہد القرآن میں اور جوانی کی انگڑائیاں لیں تو محبت قرآن و قراءات کے جام پیئے اور صغر سنی میں ہی حفظ و تجوید و قراءات عشرہ مکمل کی اور پھر 10 مختلف روایات میں اجازات حاصل کیں اور پھر مصر کے معروف متبحر استاد شیخ عمرو بن عبد اللہ حلوانی مصری حفظہ اللہ سے قراءات عشرہ کبریٰ میں اجازہ حاصل کی۔ جس سے علمی طور پر یہ چھلکتے شوق نے ان کی شخصیت کو نکھارا، وہاں طلباء کے لیے ان کے اندر آسانی پیدا کرنے کی تڑپ بھی دیدنی ہے۔ انہوں نے بڑی زیرکی کے ساتھ قراءات عشرہ کبریٰ کے اصولی ابواب کو جداول (نقشوں) کی صورت میں انتہائی آسان پیرائے میں پیش کر کے متبدی طلباء کے ساتھ بہت بڑی نیکی ہے جبکہ یہ نقشے منتہی طلباء کے لیے بھی بہترین تذکیر اور گرانقدر علمی تحفہ ہے۔

اللہ تعالیٰ ان کی اس خوبصورت کاوش کو نفع مند بنائے اور میزان حسنات میں شامل فرمائے اور شرف قبولیت سے نواز دے، اور اساتذہ و والدین کے لیے صدقہ جاریہ بنائے۔ آمین!

وَآخِرُ دَعْوَانَا اَنِ الْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ

حرّرہ

قاری صہیب احمد میر محمدی

عفی عنہ

15/08/2022

2 تقريظ

(الشيخ عمرو بن عبد الله الحلواني المصري حفظه الله)

إِنَّ الْحَمْدَ لِلّٰهِ نَحْمَدُهُ وَنَسْتَعِيْنُهُ وَنَسْتَغْفِرُهُ، وَنَعوذُ بِاللهِ مِنْ شُرُوْرِ أَنْفُسِنا وَسَيِّئَاتِ أَعْمَالِنَا، مَنْ يَهْدِهِ اللهُ فَلَا مُضِلَّ لَهُ وَمَنْ يُضْلِلْ فَلَا هَادِيَ لَهُ، وَأَشْهَدُ أَنْ لَّا إِلٰهَ إِلَّا اللهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيْكَ لَهُ، وَأَشهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهُ وَرَسُوْلُهُ.

﴿ يَٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِينَ ءَامَنُوا۟ ٱتَّقُوا۟ ٱللَّهَ حَقَّ تُقَاتِهِۦ وَلَا تَمُوتُنَّ إِلَّا وَأَنتُم مُّسْلِمُونَ ﴾ [آل عمران: 102]

﴿ يَٰٓأَيُّهَا ٱلنَّاسُ ٱتَّقُوا۟ رَبَّكُمُ ٱلَّذِى خَلَقَكُم مِّن نَّفْسٍ وَٰحِدَةٍ وَخَلَقَ مِنْهَا زَوْجَهَا وَبَثَّ مِنْهُمَا رِجَالًا كَثِيرًا وَنِسَآءً ۚ وَٱتَّقُوا۟ ٱللَّهَ ٱلَّذِى تَسَآءَلُونَ بِهِۦ وَٱلْأَرْحَامَ ۚ إِنَّ ٱللَّهَ كَانَ عَلَيْكُمْ رَقِيبًا ﴾ [النساء: 1]

﴿ يَٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِينَ ءَامَنُوا۟ ٱتَّقُوا۟ ٱللَّهَ وَقُولُوا۟ قَوْلًا سَدِيدًا ۝ يُصْلِحْ لَكُمْ أَعْمَٰلَكُمْ وَيَغْفِرْ لَكُمْ ذُنُوبَكُمْ ۗ وَمَن يُطِعِ ٱللَّهَ وَرَسُولَهُۥ فَقَدْ فَازَ فَوْزًا عَظِيمًا ﴾ [الأحزاب: 70-71]

أَمَّا بَعْدُ: فَإِنَّ أَصْدَقَ الْحَدِيْثِ كِتَابُ اللهِ، وَأَحْسَنَ الْهَدْيِ هَدْيُ مُحَمَّدٍ ﷺ، وَشَرَّ الْأُمُوْرِ مُحْدَثَاتُها، وَكُلَّ مُحْدَثَةٍ بِدْعَةٌ، وَكُلَّ بِدْعَةٍ ضَلَالَةٌ، وَكُلَّ ضَلَالَةٍ فِي النَّارِ. وَبَعْدُ

فَإِنَّ أَفْضَلَ مَا يَتَقَرَّبُ بِهِ إِلَى اللهِ الْمُتَقَرِّبُوْنَ وَخَيْرَ مَا يَعْمَلُهُ الْعَامِلُوْنَ تَلَاوَةَ كِتَابِ اللهِ وَتَعَلُّمِهِ وَتَعْلِيْمِهِ، لِمَا رَوَى الْبُخَارِيُّ وَ مُسْلِمٌ مِنْ حَدِيْثِ عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ رضي الله عنه قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: ((خَيْرُكُمْ مَنْ تَعَلَّمَ الْقُرْآنَ وَعَلَّمَهُ))

[صحيح البخاري:5027]

وَعَنْ أَنَسٍ رضي الله عنه قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ ﷺ: ((إِنَّ للهِ أَهْلِينَ مِنَ النَّاسِ، وَإِنَّ أَهْلَ الْقُرْآنِ أَهْلُ اللهِ وَخَاصَّتُهُ))

[أحمد:13542 وصحيح الجامع:2165].

”اے ایمان والو! اللہ سے ایسے ڈرو جیسے اس سے ڈرنے کا حق ہے اور تم کو موت مسلمانی کی حالت میں ہی آنی چاہیے۔“

”اے لوگو! اپنے رب سے ڈرو، جس نے تمہیں ایک ہی جان سے پیدا کیا اور اس سے اس کی بیوی کو پیدا کیا، اور (پھر) ان دونوں سے بہت سے مرد اور عورتیں پھیلائے۔ اللہ سے ڈر جاؤ، جس کے ذریعے سے تم سوال کرتے ہو، اور ناتے داری کو توڑنے سے بھی بچو، یقیناً اللہ تعالیٰ تم پر نگہبان ہے۔“

”اے ایمان والو! اللہ سے ڈرو اور سیدھی بات کیا کرو۔ وہ تمہارے اعمال کی اصلاح فرما دے گا اور تمہارے گناہوں کو بخش دے گا، اور جو شخص اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت کرے گا، یقیناً اس نے بہت بڑی کامیابی حاصل کر لی۔“

اما بعد: بلاشبہ سب سے سچی بات کتاب اللہ ہی ہے اور سب سے عمدہ رہنمائی وہی ہے جو سیدنا محمد ﷺ نے فرمائی ہے۔ جملہ امور میں سے بدترین وہ ہیں جو دین میں نئے ایجاد ہوئے ہوں۔ دین میں کی جانے والی ہر نئی ایجاد بدعت ہے، ہر بدعت گمراہی ہے اور ہر گمراہی کا انجام جہنم ہے۔

سب سے افضل ترین جس کے ذریعے اللہ تعالیٰ کا تقرب حاصل کرنے والے اس کا قرب تلاش کرتے ہیں اور بہترین عمل جو عمل کرنے والے کرتے ہیں، وہ کتاب اللہ کی تلاوت اور اس کی تعلیم و تعلّم کا راستہ ہے۔ جیسا کہ سیدنا عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

”تم میں سے بہترین شخص وہ ہے جو قرآن کو سیکھے اور سکھائے۔“

اور سیدنا انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا:

”یقیناً لوگوں میں سے کچھ اللہ تعالیٰ کے اپنے اہل ہیں اور بلاشبہ اہل قرآن ہی اللہ تعالیٰ کے اہل اور اس کے خاص لوگ ہیں۔“

وَرَوَى أَبُو دَاوُدَ وَالتِّرْمِذِيُّ وَغَيْرُهُمَا عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَمْرٍو رَضِيَ اللهُ عَنْهُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ((يُقَالُ لِصَاحِبِ الْقُرآنِ: اقْرَأْ وَارْتَقِ وَرَتِّلْ كَمَا كُنْتَ تُرَتِّلُ فِي الدُّنْيَا فَإِنَّ مَنْزِلَكَ عِنْدَ آخِرِ آيَةٍ تَقرَؤُهَا)).[صحيح الجامع:3201]

مِنْ أَجْلِ ذٰلِكَ كَانَتْ خِدْمَةُ كِتَابِ اللهِ وَخِدْمَةُ حَمْلَتِهِ هُوَ أَوْلٰى مَا تَصَرَّفَ إِلَيْهِ الْهِمَمُ، وَأَحَقُّ مَا يَشْتَغِلُ بِهِ أُولُو الْفَضْلِ مِنْ خَيْرِ الْأُمَمِ.

وَإِنَّ أَصَحَّ مَا يَقْرَأُ بِهِ النَّاسُ كِتَابَ اللهِ فِيْ هٰذِهِ الْأَزْمَانِ وَقَبْلَ ذٰلِكَ بِزَمَانٍ هُوَ الْقِرَاءَاتُ الْعَشْرُ مِنْ طَرِيْقِ طَيِّبَةِ النَّشْرِ، وَهُوَ مَا يُعرَفُ عِنْدَ الْمُشْتَغِلِيْنَ بِهٰذَا الْعِلْمِ بِالْقِرَاءَاتِ الْعَشْرِ الْكُبْرٰى. كَيْفَ لَا وَقَدِ اعْتَنٰى بِهِ أَئِمَّةُ هٰذَا الشَّأْنِ مِنْ زَمَانِ ابْنِ الْجَزَرِيِّ مُؤَلِّفِ الطَّيْبَةِ وَإِلٰى وَقْتِنَا هٰذَا. وَقَامُوْا بِدِرَاسَةِ مَتْنَ الطَّيِّبَةِ الْمَذْكُوْرَةِ وَ وَضَعُوْا عَلَيْهَا الشُّرُوْحَ الْكَثِيْرَةَ وَالْحَوَاشِي الْمُفِيْدَةِ وَالتَّعْلِيْقَاتِ النَّافِعَةِ، وَأَلَّفُوْا فِيْ ذٰلِكَ الْعَدَدَ الْجَمَّ مِنَ الْمُؤَلَّفَاتِ، كَذٰلِكَ اعْتَنَوْا بِتَحْرِيْرِ الطُّرُقِ وَالرِّوَايَاتِ الْوَارِدَةِ مِنْ هٰذَا الطَّرِيْقِ الْمُبَارَكِ، فَسَلَكُوْا فِيْ ذٰلِكَ أَحْسَنَ مَسْلَكٍ وَخَيْرَ سَبِيْلٍ .

وَ مِنْ أَهَمِّ مَا أُلِّفَ فِيْ هٰذَا الشَّأْنِ أَعْنِيْ تَحْرِيْرَاتِ الطَّيِّبَةِ - مَتْنُ فَتْحِ الْكَرِيْمِ فِيْ تَحْرِيْرِ أَوْجُهِ الْكِتَابِ الْمُنِيْرِ لِلْعَلَّامَةِ مُحَمَّدِ بْنِ أَحْمَدَ الشَّهِيْرِ بِالْمُتَوَلِّيْ، عَلَيْهِ رَحْمَةُ اللهِ، ثُمَّ شَرَحَهُ بَعْدَ ذٰلِكَ فِيْ كِتَابِهِ الْمَاتِعِ الْمُسَمّٰى بِـ(الرَّوْضِ النَّضِيْرِ). وَاعْتَنٰى بِهِ الْعُلَمَاءُ عِنَايَةً شَدِيْدَةً، ثُمَّ اخْتَصَرَ هٰذَا الْمَتْنَ الْعَلَّامَةُ أَحْمَدُ عَبْدُ الْعَزِيْزِ الزَّيَّاتُ عَلَيْهِ رَحْمَةُ اللهِ، وَسَمَّاهُ (تَنْقِيحُ فَتْحُ الْكَرِيمِ)، وَأَعَانَه عَلٰى ذٰلِكَ عَالِمَانِ جَلِيْلَانِ مِنْ أَئِمَّةِ هٰذَا الْعِلْمِ، وَهُمَا الشَّيْخُ الْعَلَّامَةُ عَامِرُ السَّيِّدُ عُثْمَانُ شَيْخُ عُمُوْمِ الْمَقَارِئِ الْمِصْرِيَّةِ الْأَسْبَقَ، وَالشَّيْخُ الْعَلَّامَةُ إِبْرَاهِيْمُ بْنُ عَلِيِّ شَحَاتَةُ السَّمَنُّوْدِيْ شَيْخُ سَمَنُّوْدٍ، فَخَرَّجَ هٰذَا الْمَتْنَ الْمُخْتَصَرَ كَالْبَدْرِ فِيْ أَحْسَنِ صُوَرِهِ، وَلَا يَكَادُ يُجَاوِزُ هٰذَا الْمَتْنَ أَحَدٌ مِنَ الْمُشْتَغِلِيْنَ بِهٰذَا الْعِلْمِ، وَعَامَّةَ مَنْ يَقْرَئُ هٰذِهِ الْأَيَّامِ بِالْقِرَاءَاتِ الْعَشْرِ الْكُبْرٰى فَإِنَّهُمْ يَقْرَؤُوْنَ عَلٰى نَسْقِهِ، وَوِفْقًا لِطَرِيْقَتِهِ.

اسی طرح سیدنا عبد اللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا:

"صاحبِ قرآن سے (قیامت کے دن) کہا جائے گا: پڑھتے جاؤ اور (درجات) چڑھتے جاؤ، اور اسی طرح ٹھہر ٹھہر کر پڑھنا جیسے تم دنیا میں ٹھہر ٹھہر کر پڑھا کرتے تھے۔ اور جو تم آخری آیت پڑھو گے وہیں پر تمہاری منزل اور مقام ہو گا۔"

ان فضائل کی بنیاد پر کتاب اللہ اور اس کے حاملین کی خدمت ایسا عظیم عمل ہے کہ جس کی طرف باہمت لوگوں کو متوجہ ہونا چاہیے اور اسی عظیم مشغولیت کا ہی حق بنتا ہے کہ اس بہترین امت کے اصحابِ فضل اس میں خوب حصہ لیں۔

موجودہ اور اس سے پہلے کے دور میں لوگوں نے کتاب اللہ کی جو صحیح ترین صورت میں قراءت کی ہے وہ قراءاتِ عشرہ ہی ہیں، جو طیبۃ النشر کے طریق سے ہیں۔ یہ قراءاتِ عشرہ کبریٰ کے علم میں مشغول رہنے والوں کے ہاں معروف ہے۔ معروف کیسے نہ ہو جبکہ طیبۃ النشر کے مؤلف امام ابن جزری رحمۃ اللہ علیہ کے زمانے سے اب تک کتنے ہی ائمہ قراءت نے اس سلسلے میں خدمات انجام دی ہیں۔ انہوں نے کتابِ مذکور کی تدریس کا خوب اہتمام کیا اور اس کی بہت سی شروحات، مفید حواشی اور نافع تعلیقات لکھ کر ایک خاصی تعداد میں کتب تالیف کیں۔ اسی طرح انہوں نے اس مبارک طریق سے وارد ہونے والے طرق اور روایات کی تحریر کی طرف بھی توجہ مبذول کی۔ سو اس سلسلے میں ان کی خدمات اور کاوشیں بے حد لائق تعریف ہیں۔

اس موضوع پر، یعنی تحریراتِ طیبہ میں لکھی جانے والی سب سے اہم تالیف علامہ محمد بن احمد متولی رحمۃ اللہ علیہ کی متن فتح الكريم في تحرير أوجه الكتاب المنير) ہے۔ پھر اس کے بعد انہوں نے اپنی کتاب الروض النضیر میں اس کی شرح کی۔ جسے اہل علم کے ہاں خوب پذیرائی حاصل ہوئی۔ پھر علامہ احمد عبد العزیز زیات رحمۃ اللہ علیہ نے اس متن کا اختصار کیا اور اس کا نام تنقیح فتح الکریم رکھا۔ اس سلسلے میں دو جلیل القدر علماء: الشیخ علامہ عامر سید عثمان اور الشیخ علامہ ابراہیم بن علی شحاتہ سمنّودی نے ان کی اعانت کی، جو اس علم کے امام مانے جاتے ہیں۔ اس کے بعد یہ مختصر متن چودھویں رات کے چاند کی طرح اپنی حسین ترین صورت میں سامنے آیا۔ اور اس علم سے وابستہ شائد کوئی بھی شخص اس متن سے تجاوز نہ کر سکے۔ آج کل جو بھی قراءاتِ عشرہ کبریٰ پڑھتے ہیں وہ عمومی طور پر اسی کے مطابق اور اسی کے طریق کے موافق پڑھتے ہیں۔

وَقَدْ قَرَأَ عَلَيَّ الْقِرَاءَاتِ بِمُضْمَنِ طَيِّبَةِ النَّشْرِ وَوِفْقَ تَحْرِيْرَاتِ الْعَلَّامَةِ أَحْمَدَ عَبْدِ الْعَزِيْزِ الزَّيَّاتِ الْقَارِئُ الشَّيْخُ عُويمر إبراهيم بْنِ القارئ محمد إبراهيم ميرمحمدي الْبَاكِسْتَاني. وَأَبُوْهُ الْقَارِئُ الشَّيْخُ محمد إبراهيم مير محمدي حفظه الله مِنْ أَئِمَّةِ هٰذَا الْعِلْمِ، وَمِمَّنْ أَرْسَوا قَوَاعِدَ هٰذَا الْفَنِّ فِيْ بَلَدِهِمْ، حَتّٰى كَثُرَ طُلَّابُ هٰذَا الْعِلْمِ وَانْتَشَرُوْا فِيْ تِلْكَ الْبِلَادِ الْمُبَارَكَةِ، فِيْ سَنَوَاتٍ لَيْسَتْ بِالْكَثِيْرَةِ.

ثُمَّ إِنَّ الْقَارِئَ عُويمر حفظه اللهُ وَبِعِنَايَةِ وَالِدِهِ الْمِفْضَالِ سَارَ عَلٰى هٰذَا الدَّرْبِ الْمُبَارَكِ، وَأَرَادَ سُلُوْكَ سُنَّةِ أَهْلِ الْعِلْمِ، فَكَتَبَ هٰذَا الْكِتَابَ، وَ رَسَمَ هٰذِهِ (الْجَدَاوِلَ الْمُخْتَصَرَةَ فِيْ أُصُوْلِ الْقِرَاءَاتِ الْعَشْرِ مِنْ طَرِيْقِ طَيِّبَةِ النَّشْرِ) وَعَلٰى وِفْقِ تَحْرِيْرَاتِ الْمُتَوَلِّيْ وَالزَّيَّاتِ رَحِمَهُمَا اللهُ، فَخَرَّجَ عَمَلَه ظَاهِرَ الْإِفَادَةِ سَهْلَ الْمَنَالِ لِمَنْ صَعُبَ عَلَيْهِ حِفْظُ مَنْظُوْمَةِ طَيِّبَةِ النَّشْرِ، وَكَذٰلِكَ لِمَنْ حَفِظَهَا. وَقَدْ قَرَأْتُهُ وَرَاجَعْتُهُ مَعَ الشَّيْخِ عُويمر فَوَجَدْتُهُ نَافِعًا جِدًّا لِلْمُبْتَدِئِيْنَ كَمَا أَنَّهُ تَذْكِرَةٌ لِلْمُنْتَهِيْنَ.

وَاللهَ الْعَظِيْمَ أَسْأَلُ أَنْ يَجْعَلَهُ خَالِصًا لِوَجْهِهِ، وَأَنْ يَنْفَعَ بِهِ مَنْ يَشَاءُ مِنْ عِبَادِهِ، وَأَنْ يُبَارِكَ فِيْ شَيْخِنَا إِبْرَاهِيم مير محمدي وَفِيْ عُمْرِهِ وَعِلْمِهِ وَوَلَدِهِ، وَأَنْ يَغْفِرَ لَهُ وَلَنَا وَلِجَمِيْعِ مَشَايِخِنَا وَعُلَمَائِنَا وَأَصْحَابِ الْفَضْلِ عَلَيْنَا. إِنَّه وَلِيُّ ذٰلِكَ وَالْقَادِرُ عَلَيْهِ.

كَتَبَــه

الْفَقِيْرُ إِلٰى رَبِّهِ

عمرو بن عبد الله الحلواني

ليلة الأربعاء 12 شعبان 1443

مجھ سے طیبۃ النشر کے ضمن میں اور علامہ احمد عبد العزیز زیّات کی تحریرات کے موافق قاری عویمر ابراہیم بن قاری محمد ابراہیم میر محمدی نے قراءات پڑھی ہیں۔ ان کے والد گرامی الشیخ قاری محمد ابراہیم میر محمدی حفظہ اللہ اس علم کے ائمہ میں سے ہیں اور آپ کا شمار ان اصحابِ علم میں ہوتا ہے جنھوں نے اپنے ملک میں اس فن کو پروان چڑھایا ہے۔ آپ کی جہودِ مبارکہ ہی کا نتیجہ ہے کہ آپ کے ملک میں چند سالوں کے دوران ہی اس علم کے فضلاء کی ایک کثیر تعداد پائی جاتی ہے۔

قاری عویمر ابراہیم حفظہ اللہ نے بھی اپنے والد کی خاص توجہ اور محنت کے باعث اس مبارک راہ پر گامزن ہوئے ہیں اور انہوں نے اہل علم کی عمدہ روش کو اپناتے ہوئے یہ کتاب تالیف کی ہے اور طیبۃ النشر کے طریق اور علامہ متولی اور علامہ زیات کی تحریرات کے موافق اصولِ قراءاتِ عشرہ کے بارے میں مختصر اور مفید نقشہ جات مرتب کیے ہیں۔ جس کے لیے منظوم طیبۃ النشر کا حفظ کرنا دُشوار ہو اور جس نے اسے حفظ کر رکھا ہو؛ ہر دو قسم کے افراد کے لیے اس طریقہ تفہیم سے یہ موضوع نہایت مفید اور زُود فہم ثابت ہو گا۔ اور میں نے اس کا مطالعہ بھی کیا ہے اور قاری عویمر ابراہیم حفظہ اللہ کے ساتھ مل کر نظر ثانی بھی کی ہے۔ لہٰذا میں سمجھتا ہوں کہ جہاں یہ (کتاب) ابتدائی طلبہ کے لیے نفع مند ہے وہاں عالم (قراء) کے لیے بھی مفید ہے۔

اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ اس مبارک کام کو اپنی رضامندی کے لیے خالص کر لے، اسے اپنے بندوں کے لیے مفید بنا دے، ہمارے شیخ قاری ابراہیم میر محمدی حفظہ اللہ کی عمر، علم اور اولاد میں برکت عطا فرمائے اور ان کی، ہمارے مشائخ و علماء اور اصحابِ فضل کی اور ہماری مغفرت فرمائے۔ إِنَّه وَلِيُّ ذٰلِكَ وَالْقَادِرُ عَلَيْهِ.

الأئمة العشرة و رُواتُهم و طُرُقُهم
من طريق طيبة النشر

1. نافع بن عبد الرحمٰن المدني
   - عيسى بن مينا قالون
   - عثمان بن سعيد ورش
     - يوسف بن عمرو (الأزرق)
     - محمد بن عبد الرحيم (الأصبهاني)
2. عبد الله بن كثير المكي
   - أحمد بن محمد البزي
     - أحمد بن موسٰى بن عباس (بن مجاهد)
   - محمد بن عبد الرحمٰن قنبل
     - محمد بن أحمد بن أيوب بن صلت (بن شنبوذ)
3. أبو عمرو زَبَّان بن العلاء البصري
   - حفص بن عمر دوري البصري
   - صالح بن زياد السوسي
4. عبد الله بن عامر الشامي
   - هشام بن عمار
     - أحمد بن يزيد (الحُلواني)
     - محمد بن أحمد (الداجوني) الرملي
   - عبد الله بن أحمد بن بشير بن ذكوان
     - هارون بن موسٰى (الأخفش)
       - محمد بن حسن (النقاش)
       - محمد بن نضِر (ابن الأخرم)
     - محمد بن موسٰى (الصورى)
       - محمد بن أحمد (الرملي) الداجوني
       - حسن بن سعيد (المطوعي)
5. عاصم بن بَهْدَلَة الكوفي
   - شعبة بن عياش
   - حفص بن سليمان
6. حمزة بن حبيب الزيَّات الكوفي
   - خلف بن هشام
   - خلاد بن خالد
7. علي بن حمزة الكسائي الكوفي
   - أبو الحارث ليث بن خالد
   - حفص بن عمر دوري الكسائي
     - جعفر بن محمد (النَّصِيْبِي)
     - (ابو عثمان) سعيد بن عبد الرحيم الضرير
8. أبو جعفر يزيد بن قعقاع المدني
   - عيسى بن وردان
   - سليمان بن مسلم بن جماذ
9. يعقوب بن إسحاق الحضرمي
   - محمد بن المتوكل رُويس
   - رَوح بن عبد المؤمن
10. خلف بن هشام الكوفي
    - إسحاق بن إبراهيم
    - إدريس بن عبد الكريم

قال سفيان الثوري رَحِمَهُ اللَّهُ:
الْإِسْنَادُ سِلَاحُ الْمُؤْمِنِ، فَإِذَا لَمْ يَكُنْ مَعَهُ سِلَاحٌ فَبِأَيِّ شَيْءٍ يُقَاتِلُ.
(شرف أصحاب الحديث، ص:42)

قال محمد بن حاتم رَحِمَهُ اللَّهُ:
إِنَّ اللَّهَ أَكْرَمَ هَذِهِ الْأُمَّةَ وَشَرَّفَهَا بِالْإِسْنَادِ، وَلَيْسَ لِأَحَدٍ مِنَ الْأُمَمِ كُلِّهَا
(شرف أصحاب الحديث، ص:40)

سندي بالقراءات السبع إلى الإمام الداني ومنه إلى رواة القراء السبعة
(من طريق الشاطبية)

المجيز: الشيخ محمد إبراهيم ميرمحمدي

مراجعة: الشيخ عمرو عبدالله الحلواني المصري

الإمام أبو عمرو الداني رَحِمَهُ اللَّهُ

هشام: أبو الفتح فارس بن أحمد ← عبد الله بن الحسين المقرئ ← محمد بن أحمد بن عبدان ← أحمد بن يزيد الحلواني ← هشام

السوسي: عبد الله بن الحسين المقرئ ← أبو عمران موسى بن جرير ← السوسي

الدوري: عبد العزيز بن جعفر الفارسي ← أبو طاهر عبد الواحد بن عمر ← أبو بكر ابن مجاهد ← أبو الزعراء عبد الرحمن بن عبدوس ← الدوري

قنبل: أبو الفتح فارس بن أحمد ← عبد الله بن الحسين البغدادي ← أبو بكر ابن مجاهد ← قنبل

بزي: عبد العزيز بن جعفر الفارسي ← محمد بن الحسن النقاش ← أبو ربيعة محمد بن إسحاق ← بزي

ورش: أبو القاسم خلف بن إبراهيم ← أبو جعفر أحمد التجيبي ← إسماعيل النحاس ← أبو يعقوب يوسف الأزرق ← ورش

قالون: أبو الفتح فارس بن أحمد ← عبد الباقي بن الحسن ← إبراهيم بن عمر ← أبو الحسين ابن بويان ← أبو بكر ابن الأشعث ← أبو نشيط محمد بن هارون ← قالون

ابن ذكوان: عبد العزيز بن جعفر الفارسي ← محمد بن الحسن النقاش ← هارون بن موسى الأخفش ← ابن ذكوان

شعبة: أبو الفتح فارس بن أحمد ← عبد الباقي بن الحسن ← إبراهيم بن عبد الرحمن البغدادي ← يوسف بن يعقوب الواسطي ← شعيب بن أيوب الصريفيني ← يحيى بن آدم ← شعبة

حفص: أبو الحسن طاهر بن غلبون ← علي بن محمد الهاشمي ← أحمد بن سهل الأشناني ← عبيد بن الصباح ← حفص

خلف: أبو الحسن طاهر بن غلبون ← محمد بن يوسف ← أبو الحسين ابن بويان ← إدريس بن عبد الكريم ← خلف

خلاد: أبو الفتح فارس بن أحمد ← عبد الله بن الحسين المقرئ ← محمد بن أحمد ابن شنبوذ ← ابن شاذان الجوهري ← خلاد

أبو الحارث: زيد بن علي ← أحمد بن الحسن البطي ← محمد بن يحيى الكسائي ← أبو الحارث

الدوري: أبو الفتح فارس بن أحمد ← عبد الباقي بن الحسن ← ابن الجلندي ← جعفر بن محمد النصيبي ← الدوري

الشيخ أبو داود سليمان بن نجاح ← الشيخ علي ابن هذيل الأندلسي ← الشيخ الإمام أبو القاسم الشاطبي ← الشيخ علي بن شجاع صهر الشاطبي ← الشيخ محمد بن أحمد الصائغ ← الشيخ عبد الرحمن بن أحمد البغدادي

الشيخ محمد بن قاسم البقري ← الشيخ عبد الرحمن اليمني ← الشيخ علي ابن غانم المقدسي ← الشيخ محمد بن إبراهيم السمديسي ← الشيخ أحمد بن أسد الأميوطي ← الشيخ إمام القراء ابن الجزري

الشيخ أحمد بن رجب البقري ← الشيخ عبد الرحمن الأجهوري ← الشيخ إبراهيم العبيدي ← الشيخ أحمد بن محمد سَلَمُونَة ← الشيخ أحمد الدري التهامي ← الشيخ محمد بن أحمد المتولّي ← الشيخ عبد الفتاح هنيدي

القارئ عويمر إبراهيم ← الشيخ محمد إبراهيم ميرمحمدي ← الشيخ عبد الفتاح المرصفي المصري ← الشيخ أحمد عبد العزيز الزيات

قال محمد عبد الرؤوف المناوي رحمه الله:
وَقَدْ أَكْرَمَ اللهُ هٰذِهِ الْأُمَّةَ بِالْإِسْنَادِ وَجَعَلَهُ مِنْ خُصُوصِيَّاتِهَا مِنْ بَيْنِ الْعِبَادِ.
(فيض القدير: 1/433)

قال أبو علي الجيّاني رحمه الله:
خَصَّ اللهُ تَعَالَى هٰذِهِ الْأُمَّةَ بِثَلَاثَةِ أَشْيَاءَ لَمْ يُعْطِهَا مَنْ قَبْلَهَا مِنَ الْأُمَمِ: اَلْإِسْنَادُ، وَالْأَنْسَابُ، وَالْإِعْرَابُ.
(قواعد التحديث: 201)

سندي بالقراءات الثلاث إلى الإمام ابن الجزري ومنه إلى رواة القراء الثلاثة
(من طريق الدرّة)

المجيز: الشيخ محمد إبراهيم ميرمحمدي

مراجعة: الشيخ عمرو عبد الله الحلواني المصري

إمام القراء ابن الجزري رحمه الله

ابن وردان
ابن الجزري ← محمد بن عبد الرحمن ابن الصائغ ← محمد بن أحمد تقي الدين الصائغ ← إبراهيم ابن فارس التميمي ← أبو اليمن الكندي ← محمد بن عبد الملك البغدادي ← عبد السيد بن عتاب البغدادي ← محمد بن يسين الحلبي ← محمد بن أحمد الشنبوذي ← محمد بن أحمد الرازي ← الفضل بن شاذان ← أحمد بن يزيد الحلواني ← عيسى بن مينا قالون ← ابن وردان

ابن جماز
ابن الجزري ← إبراهيم بن أحمد الإسكندري ← عمر بن غدير الدمشقي ← أبو اليمن الكندي ← عبد الله بن علي سبط الخياط ← محمد بن الحسين القلانسي ← يوسف بن علي الهذلي ← منصور بن أحمد الهروي ← علي بن محمد الجرجاني ← محمد بن عبد الرحمن الجوهري ← محمد بن أحمد الكسائي ← محمد بن عبد الله الصَّريفي ← أحمد بن سهل الطيّان ← موسى بن عبد الرحمن البزاز ← محمد بن عيسى التيمي ← سليمان بن داود الهاشمي ← إسماعيل بن جعفر الأنصاري ← ابن جماز

رويس
ابن الجزري ← أحمد بن محمد الصالحي ← أحمد بن أبي طالب الصالحي ← عبد اللطيف بن محمد القُبَّيطي ← أنجب بن أبي السعادات الحمامي ← أحمد بن المقرب الكرخي ← أحمد بن علي البغدادي ← علي بن محمد الخياط ← علي بن أحمد الحمامي ← عبد الله بن الحسن النخاس ← محمد بن هارون التمار ← رويس

روح
ابن الجزري ← ابن غلش البنا المهندس ← علي بن أحمد السعدي ← أبو اليمن الكندي ← عبد الله بن علي سبط الخياط ← عبد القاهر بن عبد السلام المكي ← محمد بن الحسين الكارزيني ← علي بن محمد ابن خشنام ← محمد بن يعقوب المعدل ← محمد بن وهب البصري ← روح

إسحاق
ابن الجزري ← عمر بن الحسن الحلبي ← أحمد بن إبراهيم الفاروثي ← والده إبراهيم بن عمر الفاروثي ← أسعد بن أبي السعادات الواسطي ← محمد بن الحسين القلانسي ← الحسن بن القاسم غلام الهراس ← أحمد بن عبد الله السوسنجردي ← محمد بن عبد الله ابن أبي عمر ← إسحاق

إدريس
ابن الجزري ← عبد الرحمن بن أحمد ← محمد بن أحمد تقي الدين الصائغ ← إبراهيم ابن فارس التميمي ← أبو اليمن الكندي ← عبد الله بن علي سبط الخياط ← ثابت بن بندار الدينوري ← محمد بن علي الواسطي ← أحمد بن جعفر القطيعي ← إدريس

عبد الله بن علي سبط الخياط ← عبد القاهر بن عبد السلام العباسي ← محمد بن الحسين الكارزيني ← الحسن بن سعيد المطّوعي ← إدريس

سندي إلى ابن الجزري
القارئ عويمر إبراهيم ← الشيخ محمد إبراهيم ميرمحمدي ← الشيخ عبد الفتاح المرصفي المصري ← الشيخ أحمد عبد العزيز الزيات ← الشيخ عبد الفتاح هنيدي ← الشيخ محمد بن أحمد المتولّي ← الشيخ أحمد الدري التهامي ← الشيخ أحمد بن محمد سَلَمُونَة ← الشيخ إبراهيم العبيدي ← الشيخ عبد الرحمٰن الأجهوري ← الشيخ أحمد بن رجب البقري ← الشيخ محمد بن قاسم البقري ← الشيخ عبد الرحمٰن اليَمَني ← الشيخ علي ابن غانم المقدسي ← الشيخ محمد بن إبراهيم السمدِّيسي ← الشيخ أحمد بن أسد الأميوطي ← إمام القراء ابن الجزري

قال جمال الدين القاسمي رحمه الله:
اِعْلَمْ أَنَّ الْإِسْنَادَ فِيْ أَصْلِهِ خَصِيْصَةٌ فَاضِلَةٌ لِهٰذِهِ الْأُمَّةِ، لَيْسَتْ لِغَيْرِهَا مِنَ الْأُمَمِ.
(قواعد التحديث، ص:201)

سندي بالقراءات العشر الكبرى إلى الإمام ابن الجزري
(من طريق طيبة النشر)

قال ابن المبارك رحمه الله:
مَثَلُ الَّذِيْ يَطْلُبُ أَمْرَ دِيْنِهِ بِلَا إِسْنَادٍ كَمَثَلِ الَّذِيْ يَرْتَقِى السَّطْحَ بِلَا سُلَّمٍ.
(الكفاية في علوم الرواية:73)



قال ابن المبارك رحمه الله
الْإِسْنَادُ مِنَ الدِّيْنِ وَلَوْلَا الْإِسْنَادُ لَقَالَ مَنْ شَاءَ مَا شَاءَ.
(الصفات الإلهية، ص:22)

مختصر أسانيد القراء العشرة
من رواتهم إلى رب العالمين

قال يزيد بن زريع رحمه الله
لِكُلِّ دِيْنٍ فُرْسَانٌ وَفُرْسَانُ هٰذَا الدِّيْنِ أَصْحَابُ الْإِسْنَادِ.
(جامع الأصول، ص:109)



مراجعة:
الشيخ
عمرو عبدالله
الحلواني المصري

قراءات قرآنیہ کے متعلق ضروری ہدایات

❶ قراءات قرآنیہ دوحصوں پر مشتمل ہے:

① اصول: اس سے مراد وہ عمومی احکام ہیں جو قواعد کی شکل میں اپنے جیسے تمام کلمات قرآنیہ پر جاری ہوتے ہیں۔
جیسے: مد، سکتہ اور ادغام کا بیان وغیرہ

② فروع یا فروش: ان سے مراد وہ اختلافات ہیں جو قرآنی سور میں مخصوص کلمات میں پائے جاتے ہیں۔ جیسے:
لفظ ﴿مٰلِكِ / مَلِكِ﴾ ، ﴿وَمَا يَخْدَعُونَ / وَمَا يُخٰدِعُونَ﴾ کا اختلاف ہے۔

❷ قراءت، روایت، طریق اور وجہ کی تعریف:

① قراءت: ⟵ جو اختلاف امام کی طرف منسوب ہو، اور اس کے دونوں راوی متفق ہوں۔ جیسے: ﴿مَلِكِ﴾
امام نافع کی قراءت ہے، کیونکہ ان کے دونوں راوی ' قالون، ورش' متفق ہیں۔

② روایت: ⟵ جو اختلاف امام کے راوی کی طرف منسوب ہو۔ جیسے: ﴿السِّرَاطَ﴾ قنبل کی روایت ہے،
جبکہ بزی کی روایت 'صاد' سے ہے۔

③ طریق: ⟵ جو اختلاف راوی کے شاگرد کی طرف منسوب ہو۔ جیسے: قالون کے لیے میم جمع پر عدم صلہ، صلہ۔
ورش کے لیے مد بدل میں قصر، توسط، طول۔ اس کو طرق کا اختلاف کہا جاتا ہے۔

④ وجہ: ⟵ جو اختلاف بطور اختیار کے ہو۔ جیسے: بین السورتین میں فصل وصل کی وجوہ، مدعارض وقفی،
مدعارض لین کی وجوہ وغیرہ

❸ اختلاف واجب اور اختلاف جائز میں فرق:

❀ اختلاف واجب: قراءت، روایت اور طریق کے اختلاف کو 'اختلاف واجب' کہتے ہیں۔ اور ایسے
اختلافات کو ہر جگہ پڑھنا ضروری ہے جب قراءت یا روایت کو جمع کر رہے ہوں، ورنہ قراءت یا روایت
مکمل نہیں ہوتی۔

✿ اختلاف جائز: وجوہ کے اختلاف کو 'اختلاف جائز' کہتے ہیں۔ ایسے اختلافات کو ہر جگہ جمع کرنا ضروری
نہیں ہے۔ تعلیم کے لیے چند جگہوں پر جمع کر لینا کافی ہے۔ جیسے: مدعارض وقفی، مدعارض لین کی وجوہ۔
باب وقف حمزۃ وہشام بھی اسی قبیل سے ہے، لیکن اس کے مشکل ہونے کی وجہ سے اس کی وجوہ ہر جگہ جمع کی جاتی ہیں۔

❹ جمع القراءات:

روایات کو الگ الگ پڑھنے کو 'افراد' اور کئی روایتوں اور قراءتوں کے اکٹھا پڑھنے کو یا ایک قراءت کے اکٹھا
پڑھنے کو 'جمع' کہتے ہیں۔

سلف صالحین چونکہ بلند ہمت تھے اس لیے وہ طرق اور روایات کو الگ الگ پڑھتے تھے تاکہ علم میں پوری
مہارت حاصل ہو جائے۔ جیسے ابو حسن عبدالغنی خصری نے اپنے شیخ ابو بکر قصری سے 'قراءات سبع' روایت اور طرق کو
الگ الگ کر کے 90 ختمات کے ساتھ پڑھی، اور 10 سال میں مکمل کی۔

پھر جب قراء نے طلبہ قراءات میں ہمتوں کی کمی دیکھی تو چوتھی صدی ہجری کے آواخر اور پانچویں صدی ہجری
کے اوائل میں جمع قراءات کی اجازت دے دی۔ پھر بھی وہ ابتدائی طالب علم کو ہرگز جمع نہ پڑھنے دیتے جب تک
وہ علیحدہ علیحدہ روایات کو پڑھ کر مہارت نہ حاصل کر لیتا۔ خاص کر 'روایۃ روش عن نافع' اور 'روایۃ خلف عن حمزۃ'۔

اس کے بعد جس طرح زمانہ دوری نبوی سے دور ہوتا گیا لوگوں میں مزید کم ہمتی پیدا ہوتی گئی۔ یہاں تک کہ قراء نے تعلیم قراءت میں سہولت وآسانی کے لیے ابتداء ہی سے جمع قراءات کی اجازت دے دی۔

وہ بھی تین شرائط کے ساتھ:

① حسن وقف کی رعایت رکھنا۔ جیسے: ﴿وَمَا مِنْ اِلٰهٍ اِلَّآ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ﴾ میں ﴿مِنْ اِلٰهٍ﴾ پر، اور ﴿اِنَّمَا يَسْتَجِيْبُ الَّذِيْنَ يَسْمَعُوْنَ وَالْمَوْتٰى يَبْعَثُهُمُ اللّٰهُ﴾ میں ﴿وَالْمَوْتٰى﴾ پر وقف کر کے وجوہ پوری نہ کی جائیں، کیونکہ اس سے معنی خراب جاتا ہے۔

② حسن ابتداء کی رعایت رکھنا۔ جیسے: ﴿اِنَّ اللّٰهَ فَقِيْرٌ﴾، ﴿اِنَّ اللّٰهَ ثَالِثُ ثَلٰثَةٍ﴾، ﴿وَاِيَّاكُمْ اَنْ تُؤْمِنُوْا بِاللّٰهِ﴾، ﴿لَآ اَعْبُدُ الَّذِيْ فَطَرَنِيْ﴾ سے ابتداء درست نہیں۔

③ حسن اداء کی رعایت رکھنا۔ یعنی تجوید کی پوری پابندی کرنا۔

جمع القراءات میں تین مذاہب ہیں:

❶

الجمع بالوقف

یہ اہل شام کا مذہب ہے۔

① قالون سے ابتداء کر کے اس جگہ تک پڑھیں گے جہاں مابعد سے ابتداء درست ہو۔

② اس کے بعد پھر اس راوی کو لائیں گے جو ترتیب میں مقدم ہوگا۔

③ جو راوی اپنے ماقبل راوی کے موافق ہو، اس کو دوبارہ نہیں پڑھا جائے گا۔

④ پھر اسی طرح ہر آیت کو مذکورہ طریقے سے مکمل کیا جائے گا۔

❷

الجمع بالحرف

یہ اہل مصر کا مذہب ہے۔ اسے "جَمْعُ الْكَلْمِيْ" بھی کہتے ہیں۔

① قالون سے ابتداء کریں گے۔

② جب ایسے کلمہ پر پہنچیں کہ جس میں اختلاف ہے تو فقط اس کلمہ کے اختلاف کو قراء کی ترتیب سے مکمل کریں گے۔

③ مختلف فیہ کلمہ کو مکمل کرنے کے بعد آگے اس راوی کے لیے پڑھیں گے، جس کی وجہ مختلف فیہ کلمہ میں آخر میں پڑھی تھی، تاکہ قراءات خلط ملط نہ ہو۔

④ اگر کہیں اختلاف دو کلموں سے متعلق ہو، تو دونوں کلموں کو ملا کر اختلاف پورا کریں گے۔ جیسے: ﴿فَتَلَقّٰٓى اٰدَمُ مِنْ رَّبِّهٖ كَلِمٰتٍ﴾ کہ اس میں ﴿اٰدَمُ ... كَلِمٰتٍ﴾ کو ملا کر وجوہ پڑھیں گے۔

❸

الجمع بالجمع

امام ابن الجزری رحمہ اللہ نے دونوں مذاہب کو جمع کر کے ایک تیسرا طریقہ نکالا، جسے 'جمع مرکب' بھی کہتے ہے۔

① قالون سے ابتداء کریں گے۔ اور غور کریں گے کہ کون قاری کس جگہ قالون سے مختلف ہوا، جہاں مختلف ہوگا، اس کو وہیں ٹھہرا دیں گے۔

② اس کے بعد پھر اس راوی کو لائیں گے جس کا اختلاف وقف کے زیادہ قریب ہوگا۔

③ اگر ایک ہی کلمہ پر کئی قراء کا اختلاف جمع ہو جائے تو پھر ترتیب کو ملحوظ رکھیں گے۔

④ جو راوی اپنے ماقبل راوی کے موافق ہو، اس کو دوبارہ نہیں پڑھا جائے گا۔

① باب الاستعاذة

جب بھی قرآن مجید کی تلاوت کا آغاز کریں تو تمام قراء کے لیے استعاذہ پڑھیں۔

- استعاذہ اونچی پڑھنے کی صورتیں
  1. جب تلاوتِ قرآن کو کوئی سننے والا ہو۔
  2. جب حلقہ قراءت کی ابتدا ہو۔
- استعاذہ آہستہ پڑھنے کی صورتیں
  1. جب آہستہ تلاوت کی جا رہی ہو۔
  2. جب نماز میں تلاوت کر رہے ہوں۔

② باب البسملة

جب ایک سورت مکمل کر کے اگلی سورت کا آغاز کریں تو وہاں:

① صرف ﴿بِسۡمِ اللّٰهِ﴾ ← قالون، مکی، عاصم، کسائی ابوجعفر، صوری

② بسم اللہ، سکتہ، وصل [تینوں] ← ورش، بصریان، حلوانی، اخفش

③ بسم اللہ، وصل ← داجونی

④ وصل ← حمزہ، ادریس

⑤ سکتہ، وصل ← اسحاق

بين الأنفال والتوبة

تمام قراء کے لیے ← وقف، سکتہ، وصل

بين الناس والفاتحة

تمام قراء کے لیے ← بسم اللہ

تحریرات

1. 'سوسی' کے لیے 'مدِ منفصل' میں 'توسط' کے ساتھ 'بین السوتین' میں 'بسم اللہ، سکتہ' ہے۔
2. 'ابن عامر شامی' کے لیے ہر وہ وجہ جو شاطبیہ سے زائد ہے، اس کے ساتھ 'بین السوتین' میں صرف 'بسم اللہ' ہے۔

(الاختصار فی شرح متن الطيبة ومع نهاية الاختصار فی تحريرات متن الطيبة:37)

③ لفظ ﴿ مٰلِكِ ﴾

① اثبات الف ﴿ مٰلِكِ ﴾
عاصم، کسائی، یعقوب
خلف العاشر

② عدم الف ﴿ مَلِكِ ﴾
باقی قراء

سورۂ فاتحہ (آیت:4) کے علاوہ ہر جگہ ایک قراءت ہے۔

④ لفظ ﴿ الصِّرَاطَ، صِرَاطَ ﴾

① سین کے ساتھ
ابن مجاہد عن قنبل، رویس

② اشمام بالزای
- خلف
  [پورے قرآن میں]
- خلاد
  چار مذاہب:
  1. صرف سورۃ فاتحہ میں پہلی جگہ
  2. صرف سورۃ فاتحہ میں دونوں جگہ
  3. صرف معرف باللام ﴿ الصِّرَاطَ ﴾ میں (جہاں بھی آئے)
  4. ہر جگہ عدم اشمام

③ صاد کے ساتھ
باقی قراء

⑤ باب میم الجمع

'میم جمع' سے مراد

'جمع' کی وہ 'میم' ہے، جو 'ك ، هـ ، ت' کے ساتھ آتی ہے، جیسے: ﴿عَلَيْكُمْ ، رَزَقْنٰهُمْ ، اَنْتُمْ﴾

میم جمع متحرک سے پہلے ہو

1. عدم صلہ، صلہ ← قالون
2. صلہ ← مکی، ابوجعفر
3. شرط کے ساتھ صلہ ← ورش
4. عدم صلہ ← باقی قراء

☆ شرط: میم جمع کے بعد ہمزہ قطعی ہو۔

مثالیں:

وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ، سَوَآءٌ عَلَيْهِمْ ءَاَنْذَرْتَهُمْ اَمْ لَمْ تُنْذِرْهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ، خَتَمَ اللّٰهُ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ

وَعَلٰى سَمْعِهِمْ ۭ وَعَلٰٓى اَبْصَارِهِمْ غِشَاوَةٌ ، وَاِنْ تُؤْمِنُوْا وَتَتَّقُوْا يُؤْتِكُمْ اُجُوْرَكُمْ وَلَا يَسْــَٔلْكُمْ اَمْوَالَكُمْ

میم جمع ساکن سے پہلے ہو

میم جمع سے پہلے 'ھاء' ہو اور 'ھاء' سے پہلے 'کسرہ' ہو یا 'یائے ساکنہ'
جیسے: ﴿بِهِمُ الْاَسْبَابُ، يُرِيْهِمُ اللّٰهُ، عَلَيْهِمُ الْقِتَالُ﴾

- 'ھا'، 'میم' دونوں کا کسرہ ← بصری
- 'ھا'، 'میم' دونوں کا ضمہ ← اصحاب
- 'ھا' کا کسرہ 'میم' کا ضمہ ← باقی قراء
- یعقوب:
  - 'ھُمْ' سے پہلے 'کسرہ' ہو ﴿بِهِمُ الْاَسْبَابُ﴾ ← ھاء، میم کا کسرہ
  - 'ھُمْ' سے پہلے 'یائے ساکنہ' ہو ﴿يُرِيْهِمُ اللّٰهُ﴾ ← ھاء، میم کا ضمہ

✿ **امام حمزہ** تین کلمات میں وقفاً وصلاً 'ھاء' کا ضمہ پڑھتے ہیں: ← ﴿عَلَيْهُمْ ، اِلَيْهُمْ ، لَدَيْهُمْ﴾

✿ امام یعقوب درج ذیل صورتوں میں 'ھاء' کا ضمہ پڑھتے ہیں، جب 'ھاء' سے پہلے 'یائے ساکنہ' ہو:

- **جمع مذکر**: ﴿عَلَيْهُمْ يُزَكِّيْهُمْ، فِيْهُمْ﴾
- **جمع مؤنث**: ﴿عَلَيْهُنَّ، فِيْهُنَّ﴾
- **تثنیہ**: ﴿عَلَيْهُمَا، اِلَيْهُمَا﴾

اگر حرف جازم کی وجہ سے 'یاء' حذف ہوگئی ہو تو **رویس**:

'ھا' کا کسرہ + 'ھا' کا ضمہ

1. ﴿وَيُلْهِهُمُ الْاَمَلُ﴾ (الحجر:3)
2. ﴿يُغْنِهُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ﴾ (النور:32)
3. ﴿وَقِهُمْ عَذَابَ الْجَحِيْمِ﴾ (المؤمن:7)
4. ﴿وَقِهُمُ السَّيِّاٰتِ﴾ (المؤمن:9)

'ھا' کا ضمہ

1. ﴿فَاٰتِهُمْ عَذَابًا﴾ (الاعراف:38)
2. ﴿وَاِنْ يَّاْتِهُمْ عَرَضٌ﴾ (الاعراف:169)
3. ﴿وَاِذَا لَمْ تَاْتِهُمْ بِاٰيَةٍ﴾ (الاعراف:203)
4. ﴿وَلَمَّا يَاْتِهُمْ تَاْوِيْلُهٗ﴾ (یونس:39)
5. ﴿اَوَلَمْ تَاْتِهُمْ بَيِّنَةُ﴾ (طٰهٰ:133)
6. ﴿اَوَلَمْ يَكْفِهُمْ﴾ (العنکبوت:51)
7. ﴿رَبَّنَآ اٰتِهُمْ ضِعْفَيْنِ﴾ (الاحزاب:68)
8. ﴿فَاسْتَفْتِهُمْ﴾ (الصّٰفّٰت:11، 149)
9. ﴿وَيُخْزِهُمْ وَيَنْصُرْكُمْ عَلَيْهُمْ﴾ (التوبة:14)
10. ﴿اَلَمْ يَاْتِهُمْ نَبَاُ الَّذِيْنَ﴾ (التوبة:70)

'ھا' کا کسرہ

﴿وَمَنْ يُّوَلِّهِمْ﴾ (الانفال:16)

⑥ باب الإدغام الكبير

ادغام سے مراد: ''دو حرفوں کو ایک حرف مشدد کی طرح ادا کرنا۔''
اظہار سے مراد: ''سکتہ کیے بغیر پہلے حرف کو دوسرے حرف سے جدا کر کے پڑھنا۔''

مثلین

ابو عمرو بصری

اظہار + ادغام

فی کلمہ

یہ صرف دو کلمات میں ہے:

- ﴿مَنٰسِكَكُمْ﴾ (البقرۃ:200)
- ﴿مَا سَلَكَكُمْ﴾ (المدثر:42)

اس کے علاوہ اور کسی کلمہ میں نہیں ہوا، جیسے: ﴿بِشِرْكِكُمْ ، بِأَعْيُنِنَا ، وُجُوهِهِمْ﴾

فی کلمتین

قاعدہ
جہاں بھی مثلین دو کلموں میں جمع ہوں، تو وہاں ابو عمرو بصری 'اظہار' اور 'ادغام' کرتے ہیں۔ جیسے: ﴿يَعْلَمُ مَا بَيْنَ أَيْدِيهِمْ ، طُبِعَ عَلٰى قُلُوبِهِمْ ، فِيهِ هُدًى ، خُذِ الْعَفْوَ وَأْمُرْ﴾

موانع ادغام

1. جب مدغم تائے متکلم ہو ﴿يٰلَيْتَنِي كُنتُ تُرَابًا﴾
2. جب مدغم تائے مخاطب ہو ﴿أَفَأَنتَ تُكْرِهُ النَّاسَ﴾
3. جب مدغم منوّن ہو ﴿وَاسِعٌ عَلِيمٌ﴾
4. جب مدغم مشدد ہو ﴿تَمَّ مِيقَاتُ ، خَرَّ رَاكِعًا﴾

مستثنیٰ کلمہ

﴿فَلَا يَحْزُنكَ كُفْرُهُ﴾

اس میں ماقبل 'نون' میں 'اخفاء' ہونے کی وجہ سے 'کاف' کا 'کاف' میں ادغام نہیں ہے۔

6 کلمات

1. ﴿وَمَن يَبْتَغِ غَيْرَ﴾ (آل عمران:85)
2. ﴿وَإِن يَكُ كَاذِبًا﴾ (المؤمن:28)
3. ﴿يَخْلُ لَكُمْ﴾ (یوسف:9)
4. ﴿وَالّٰٓـِٔي يَئِسْنَ﴾ (الطلاق:4)
5. ﴿آلَ لُوطٍ﴾ (الحجر:59 النمل:56 القمر:34 61)
